ABC Certified
مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء 25 بیساکھ 2081ب (CPL-53)
جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 253 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

نان روٹی کی قیمتوں پر عملدرآمد، مصنوعی مہنگائی کو پرائس کنٹرول میکانزم کے ذریعے کم کیا جائے

افسران عوام کیلئے سہولیات لائیں جائز کام کسی کا بھی نہیں کرنا، مریم نواز

عوامی نمائندوں کی عزت کی جائے، حکومتی رٹ ہر صورت قائم، انسانی وقار کا تحفظ ضروری ہے

پنجاب کے کسی علاقہ میں ٹوٹی گلیاں، سیوریج کا گندا پانی، صفائی ابتر صورتحال نہیں دیکھنا چاہتی، اسسٹنٹ کمشنرز کیساتھ ملاقات

لاہور (نمائندہ ڈاک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 48)

وزیراعلیٰ مریم نواز پنجاب میں تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنرز کے اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

چوہدری پرویز الٰہی کو ہاؤس ریسٹ کرنے کا حکم

وزارت داخلہ 15 دنوں میں پروسیجر مکمل کرے، عدالت

اسلام آباد ہائیکورٹ نے پمز ہسپتال میڈیکل بورڈ کو چوہدری پرویز الٰہی کی صحت کا دوبارہ جائزہ لینے کا حکم دیا تھا

اسلام آباد (نمائندہ ڈاک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 49)

سپریم کورٹ فیصلہ کے بعد حکمران اتحاد کی دوتہائی اکثریت ختم ہو جائے گی

سنی اتحاد کونسل کو مخصوص 23 نشستیں دیگر جماعتوں میں تقسیم، مسلم لیگ ن کو 14 نشستیں ملیں

اسلام آباد (نمائندہ ڈاک) سپریم کورٹ کے فیصلہ کے بعد حکمران اتحاد کی حکومت میں دوتہائی اکثریت ختم ہو جائے گی۔ قومی اسمبلی میں 23 مخصوص نشستوں پر ارکان کی رکنیت معطل ہونے کا امکان ہے، سنی اتحاد کونسل (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 50)

چوہدری شافع حسین گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی وارث دورہ حدت، لیب پر پریکٹیکل کا آغاز

پرنسپل سلمان طارق نے تدریسی عمل، کالج کی کامیابی اور آئندہ کے منصوبوں بارے بریفنگ دی

عالمی مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق ہنرمند افرادی قوم تیار کر رہے ہیں، ٹیکنیکل اداروں میں لیب جدید بنائی جا رہی ہیں، چوہدری شافع حسین

گجرات (مدثر اقبال سے) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی وحدت روڈ کا دورہ کیا، (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 46)

چوہدری شافع حسین گورنمنٹ کالج وحدت روڈ ٹیکنیکل پر ٹریننگ لیب کا معائنہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کا بدھ کو گجرات دورہ

گجرات چیمبر، سمال چیمبر سرامکس سنٹر جائینگے، انتظامی افسران کیساتھ میٹنگ عہدیداران کیساتھ ملاقاتیں کرینگے

گجرات (وقاص احسان) پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 47)

گندم سکینڈل ہسپتالوں کی تزئین و آرائش محسن نقوی ذمہ دار

کروڑوں روپے صرف کک بیک کیلئے ضائع کیے گئے، گندم سکینڈل حکمرانوں کیلئے بڑا امتحان بن چکا، چوہدری مونس الٰہی

گجرات (مدثر اقبال سے) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما، سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری مونس الٰہی نے کہا کہ گندم سکینڈل اور پنجاب کے ہسپتالوں کی تزئین و آرائش کے نام پر کروڑوں روپے صرف بعض افراد کو کک بیک کیلئے ضائع کیے گئے انہوں نے کہا کہ گجرات میں "تزئین شدہ" عزیز بھٹی ہسپتال کی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 45)

خواتین پر تشدد سیاسی تاریخ میں پہلی بار دیکھا، ہر ظلم کا حساب لیں گے، بی بی قیصرہ الٰہی

اقتدار کیلئے ہر حد کراس کرنے والوں کیساتھ اب کوئی رشتہ نہیں، چوہدری راسخ الٰہی

پی ٹی آئی قیادت گجرات جلسہ کا پروگرام فائنل کر رہی ہے، پاور شو کریں گے، بی بی خمیرہ الٰہی

بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی، چوہدری راسخ الٰہی کی احسان بھٹی، صدیق بھٹی کے گھر فیض آباد میں عمائدین کے ساتھ ملاقاتیں

گجرات (نمائندہ ڈاک) سابق وزیراعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 44)

پنجاب کی نگران حکومت کا گندم کے معاملہ سے کوئی تعلق نہیں بنتا، محسن نقوی

لاہور (نمائندہ ڈاک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 51)

بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی، چوہدری راسخ الٰہی کی میاں ناظم انصاری کی رہائشگاہ آمد پر استقبال

میاں محمد اعجاز کی زیر صدارت اجلاس، چوہدری قمر اقبال آن لائن شریک، 12 اگست اوسلو فنکشن بارے مشاورت

کڈنی سنٹر ناروے فنڈ ریزنگ رپورٹ جمع کرانے کیلئے ڈنرز کو حتمی شکل دینے کی تیاری لائحہ عمل

انشاء اللہ!! ناروے فنڈ ریزنگ پروگرام مکمل طور پر غیر سیاسی ہوگا، ہماری بھرپور کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کیے جائیں، چوہدری قمر اقبال

مخیر حضرات کو ڈیالسز مشینوں کے عطیہ کیساتھ مستقل بنیادوں پر عطیات فراہم کرنے پر قائل کیا جائے، میٹنگ میں فنڈ ریزنگ کے بارے تجاویز کا تبادلہ

میاں محمد اعجاز کو چوہدری قمر اقبال ناروے آن لائن فنڈ ریزنگ بارے بریفنگ دے رہے ہیں

گجرات (مدثر اقبال سے) کڈنی ریزنگ کے حوالے سے گزشتہ روز گجرات چیمبر صدر کڈنی سنٹر میاں محمد اعجاز کی سنٹر گجرات کی ناروے سمیت یورپ میں فنڈ ریزنگ مہم کے دوران ممتاز صنعتکار، ڈائریکٹر فنانس جی ایف سی لمین رہائش (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 42)

ناروے فنڈ ریزنگ ڈپٹی کمشنر اور ڈپٹی کمشنر ان شریک ہونگے میاں محمد اعجاز

چوہدری قمر اقبال کے تعاون سے گزشتہ فنڈ ریزنگ انتہائی کامیاب، اب پہلے سے بڑھ کر عطیات کی توقع ہے

ماہانہ اخراجات میں اضافہ کی وجہ سے عطیات کی ضرورت ہے، انشاء اللہ کڈنی سنٹر میں مزید بہتری لائینگے

بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی چوہدری راسخ الٰہی کے اعزاز میں میاں ناظم انصاری کے گھر ظہرانہ

میاں فرحان ناظم، میاں عدنان ناظم نے گلدستے پیش کیے، چوہدری پرویز الٰہی، چوہدری مونس الٰہی کا ساتھ نبھانے کا عزم

گجرات (وقاص احسان) سابق ناظم میاں ناظم انصاری کی رہائشگاہ پر سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی اہلیہ بی بی قیصرہ بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی، چوہدری راسخ الٰہی کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا میاں فرحان ناظم انصاری، (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 43)

صدیق بھٹی احسان عالم بھٹی نصیر سندھو مشکل وقت کے جرأتمند ساتھی، بی بی قیصرہ الٰہی

ابتلاء کے کڑے دور میں چوہدری پرویز الٰہی، چوہدری مونس الٰہی کے ساتھ کھڑے رہنے والوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے

بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی، چوہدری راسخ الٰہی، بیگم صفیہ جاوید کا گل پاشی سے استقبال، طلائی ہار پہنائے گئے، عمائدین علاقہ موجود

گجرات (ارشد محمود سے) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب، صدر پاکستان تحریک انصاف چوہدری پرویز الٰہی کی اہلیہ محترمہ بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی خمیرہ الٰہی، بیگم صفیہ جاوید چوہدری کی اپنے قابل فخر کارکن چوہدری (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 38)

تھانہ کھاریاں پر حملہ کرنے والے 9 خواجہ سراء پولیس نے گرفتار کر لئے

تھانہ حملہ کرنیوالے 9 خواجہ سراء جیل بند

CCTV کیمروں کی مدد سے مقدمہ میں نامزد ملزمان کی شناخت کا عمل جاری

گجرات (اپنے سٹاف رپورٹر سے) تھانہ صدر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 39)

تھانہ صدر حملہ کیس کی تفتیش جاری، تمام ذمہ داران کیخلاف سخت ایکشن ہوگا، DPO

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) تھانہ صدر کھاریاں DPO (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 37)

RPO حفیظ طیب کا گوجرانوالہ تھانہ صدر کھاریاں ایک اور دورہ، DPO کے ہمراہ صدر تھانہ کا اچانک جائزہ

واقعہ کا موجب بننے والے پولیس ملازمین کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لانے کی ہدایات، تھانہ میں توڑ پھوڑ کا جائزہ

RPO گوجرانوالہ کی پولیس ملازمین کیساتھ ملاقاتیں، وقوعہ بارے معلومات لیں، ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات

گجرات (عبدالستار مرزا سے) آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ نے ڈی پی او گجرات سید اسد مظفر کے ہمراہ تھانہ صدر کھاریاں کا دورہ کیا اور واقعہ سے متعلق ماتحت آفیسران سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے انہیں واقعہ کا موجب بننے والے ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لانے کی ہدایات کیں آر پی او گوجرانوالہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 36)

نوابزادہ حیدر مہدی کا جنوں دیہا دورہ، بزرگ ساتھیوں کیساتھ ملاقاتیں، مشاورت

حاجی یوسف ٹھمکہ، چوہدری بدر محمود لاٹیاں، ظریف مہر، نصیر مہر، چوہدری ضمیر مکیانہ کے گھروں میں فاتحہ خوانی

ٹھمکہ، مکیانہ، سانجل سرکیاں، لاٹیاں میں سنگ دھڑے کیساتھ ملاقاتیں، بزرگ ساتھیوں کی عیادت کی

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری شان ظفر کو عمرہ سعادت پر مبارکباد دے رہے ہیں، چوہدری رحیم اختر ہمراہ ہیں

گجرات (وسیم اکرم سے) سابق اے حلقہ این اے 63 نوابزادہ حیدر مہدی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری، امیدوار ایم این اے نے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 35)

نوابزادہ حیدر مہدی کی چوہدری شان ظفر حاجیوالا کیساتھ ملاقات

عمرہ سعادت پر مبارکباد، چوہدری رحیم اختر سرکیاں، ہمایوں شکیل، نعمان نصر نافریاں ہمراہ

گجرات (وسیم اکرم سے) سابق اے حلقہ این اے 63 نوابزادہ حیدر مہدی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری، امیدوار ایم این اے نے ممتاز (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 34)

جوڈیشل کمپلیکس گوجرانوالہ کے جامع العلوم پسوال آمد، طالب علموں کیساتھ ملاقات، تدریسی عمل کا جائزہ

بچوں میں گھل مل گئے، مولانا عاصم اقبال نے بریفنگ دی، ڈنگہ کا دورہ، میاں طارق محمود کیساتھ ملاقات، مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی

گجرات (سجاد حیدر ناز سے) پاکستان مسلم لیگ ن ضلع گجرات کے رہنما ممبر قومی اسمبلی حلقہ این اے 65 چوہدری نصیر عباس سدھو کا حلقہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 33)

چوہدری نصیر عباس سدھو جامع دارالعلوم پسوال کے طالبعلموں کیساتھ، مولانا عاصم اقبال موجود ہیں

ممتاز دانشور اور یار مقبول جان کی گجرات آمد، چوہدری علی ابرار جوڑا کیساتھ خوشگوار ماحول میں ملاقات

گجرات کی تعمیر و ترقی و مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیالات، احمد حسن مٹو، زاہد بھٹی موجود

گجرات (نمائندہ ڈاک) پاکستان مسلم لیگ سٹی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 32)

ممتاز دانشور اور یار مقبول جان کیساتھ چوہدری علی ابرار جوڑا ملاقات کے موقع پر

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے — انا للہ وانا الیہ راجعون — اپنی خوشی سے آئے نہ اپنی خوشی چلے

ختم قل / اجتماعی دعا

نوابزادگان کے قریبی ساتھی، ممتاز مسلم لیگی راہنما

ملک منشاء ڈورا (ملک پور)

کی

والدہ محترمہ

مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ضلع گجرات کے نائب صدر

ملک دانش ڈورا کی دادی جان

قضائے الٰہی سے انتقال کر گئی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون

ختم قل

آج منگل 7 مئی

قرآن خوانی: 10 بجے

اجتماعی دعا: 11:30

ملک پور کلاں پڑھا جائے گا

ملک منشاء ڈورا کی والدہ محترمہ کا ختم قل آج پڑھا جائے گا

ملک پور میں دن 10 بجے قرآن خوانی، ساڑھے گیارہ بجے اجتماعی دعا ہوگی

گجرات (ارشد محمود سے) نوابزادگان کے سینئر راہنما ملک منشاء ڈورا کی والدہ محترمہ کے قریبی ساتھی مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات مسلم لیگ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 40)

گجرات (نمائندہ ڈاک) ممتاز صنعتکار، ڈائریکٹر فنانس جی ایف سی لمین گجرات، صدر کڈنی سنٹر میاں محمد اعجاز نے چیئرمین پاکستان یونین ناروے چوہدری قمر اقبال سے آن لائن ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے بتایا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 41)

دوست واحباب سے اجتماعی دعا میں شرکت کی استدعا ہے

سوگواران ملک نعیم ڈورا (پوتا) اہل خاندان

روزنامہ ڈاک گجرات
سلسلہ حسن کے 2024
چیف ایڈیٹر
محمد یونس ساقی
کفر ہے ظلم کا سہنا مہر بہ لب رہنا..... حکم خدا کا لکھا ہے سپاہ روں پر
ایڈیٹر کا مضمون نگاروں، کالم نویسوں اور مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں
ایڈیٹوریل
چیف ایڈیٹر، بزنس ڈائریکٹر، پبلشر: محمد یونس ساقی
طلوع ڈاک پرنٹنگ پریس، ریگل روڈ گجرات سے چھپ کر شائع کیا
WWW.dailydak.pk

آہ..... پروفیسر سید الرحمان سیفی



تحریر: پروفیسر کلیم احسان بٹ
پرنسپل گورنمنٹ عبدالحق اسلامیہ کالج
جلالپور جٹاں

میرے دماغ میں تو ویسے بھی آج کل زمیندار کالج کی یادوں کا ڈیرا ہے۔ آج سیفی صاحب کی وفات نے مزید ہلچل مچادی۔

میں نے سیفی صاحب کے عروج زوال کے زمانے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ بیاسی میں جب کالج داخل ہوا تو ہر طرف سیفی صاحب کا طوطی بولتا تھا۔ وہ انتہائی خوش لباس اور خوش گفتار اور خوش فکر اور اعلیٰ کردار کے انسان تھے۔ ان کا مضمون تو فارسی تھا لیکن اساتذہ کی کمی کی وجہ سے انہیں اردو کے اضافی پیریڈ بھی ملتے تھے۔ میرے اردو کے استاد پروفیسر عبدالواحد تھے جو خود بھی ایک مقبول استاد تھے لیکن میں ان کی کلاس چھوڑ کر کبھی کبھی سیفی صاحب کی کلاس میں بھی جایا کرتا تھا۔ انہوں نے ہمیشہ خوش آمدید کہا اور جب انہیں پتہ چلا کہ مجھے شعر گوئی کا شوق ہے تو میرے اعزاز میں مزید اضافہ ہوگیا۔ وہ اپنی کلاس میں مجھ سے شعر سنتے اور اکثر دعوت دیتے کہ کینٹین پر میرے پاس آیا کرو۔ میں بیباک تھا اور اساتذہ کی غیر ضروری محبت وشفقت سے گھبرا جاتا تھا۔ میں نے ان کی یہ دعوت کبھی قبول نہیں کی

سیفی صاحب شاعر بھی تھے مقرر بھی اور کالج کی تمام تقریبات میں میزبان بھی وہی ہوتے تھے۔ روسٹرم پر ان کی تمام صلاحیتیں یکجا ہوجاتی تھیں۔ اساتذہ وطلبا یکساں ان کے سحر میں گرفتار تھے۔ کالج کی طلبا سوسائٹیوں کے سربراہ بھی وہی تھے۔ وہ بتایا کرتے تھے کہ کالج میں بزم اقبال کا قیام اقبال کی زندگی میں ہوا اور اقبال کو اس بزم کے قیام کی اطلاع بھی پہنچائی گئی تھی۔

کالج میں ہونے والے مباحثے تقریری مقابلے مشاعرے سب میں مرکزی اہمیت کے حامل۔ اس وقت ان کے دو شعری مجموعے شائع ہو چکے تھے۔ اڑتے ہوئے لمحے اور ریت کی سیڑھیاں۔ طلبا میں مقابلہ کسی بھی چیز کا ہو انعام میں ملنے والی کتب سیفی صاحب کی ہوتی تھیں۔ اس طرح ان کی شہرت کے دائمی نقوش طالب علموں کے دلوں پر نقش ہوجاتے۔

تاہم بی اے تک سیفی صاحب کی محبت و عظمت کا بینار ہماری نظر کے سامنے رہا لیکن اس کی سیڑھیاں چڑھنے کی ہمت نہیں ہوئی۔

ایم اے فارسی کی کلاسز لائبریری کے بغلی کمرے میں ہوتی تھیں۔ وہاں لائبریری کی ریفرنس بکس انسائیکلو پیڈیا اور لغات وغیرہ رکھی ہوتی تھیں۔ ایم اے اردو کے زمانے میں مجھے اکثر اس کمرے میں جانے کی ضرورت پڑتی۔ سیفی صاحب کی کلاس ہو رہی ہوتی تھی۔ کلاس کیا ہوتی تھی اکثر پانچ سات طلبا وطالبات خوش گپیوں اور چائے نوشی میں مصروف ہوتے۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ فارسی کے طالب علم ہوں ان کا تعلق کسی بھی شعبے سے ہوسکتا تھا اور وہ سب دراصل سیفی صاحب کی زلف گرہ گیر کے اسیر تھے۔

جب میں اپنا تحقیقی مقالہ گجرات میں اردو شاعری لکھ رہا تھا تو ان سے بھی مدد لی۔ ان کی ایک بہن بھی شاعر تھیں۔ سیفی صاحب کی زندگی کی کچھ تفصیلات میرے علم میں آئیں ان سے میرا محبت وعقیدت کا رشتہ اس وقت دوستی میں تبدیل ہوا جب میں چوراٹوے میں استاد بن کر زمیندار کالج پہنچا۔ فارغ اوقات میں میں اور میرے دوستوں کا بڑا حلقہ کینٹین پر ہی وقت گزارتے۔ سیفی صاحب کبھی وہیں موجود ہوتے تھے۔ ہم بھی کرسی لے کر انہی کے پاس بیٹھ جاتے۔ میں تو پہلے سے ان کے اسیروں میں تھا میرے دوست بھی اسی زنجیر میں بندھنے لگے۔ اگر سیفی صاحب کینٹین پر موجود نہ ہوتے تو ہمارے بیٹھے ادھر آجاتے لیکن وہ کم ہی ہمارے حلقے میں آتے۔ الگ ایک کرسی لے کر بیٹھ جاتے اور کچھ دیر میں ہم اپنی کرسیاں لے وہاں پہنچ جاتے البتہ میں اگر اکیلا ہوتا تو پھر میرے پاس آجاتے تھے۔ اس طرز عمل کی بڑی وجہ یہ تھی صاحب تھے۔ دراصل وہ ان کی صحبت سے اجتناب برتتے تھے اور یہ بھی صاحب میرے حلقے کے لازمی رکن کی حیثیت رکھتے تھے۔

اس زمانے میں سیفی صاحب کم از کم طلبا کی حد تک زیادہ معروف استاد نہیں رہ گئے تھے۔ شعبہ اردو میں اساتذہ کی کمی دور ہونے کے بعد ان سے اردو کی کلاسز واپس لی جاچکی تھیں اور وہ صرف بی اے فارسی آنرز اور ایم اے کے دو چار طالب علموں کو پڑھاتے تھے۔ اردو چونکہ لازمی مضمون ہے سو اردو پڑھا کر وہ طالب علموں کے ایک وسیع حلقے پر اثر انداز ہوتے تھے۔ ان کی اثر انداز ہونے کی صلاحیت تو برقرار تھی لیکن اثر پذیری کے لیے طالب علموں کا حلقہ بڑا سکڑ گیا تھا۔ میگزین بھی کبھی صاحب کے ذمے تھا اور علمی و ادبی سرگرمیوں میں بھی کبھی صاحب کا عمل دخل زیادہ تھا۔ یہی وجہ تھی کہ سیفی صاحب اور کبھی صاحب ایک نیام میں نہیں رہ سکتے تھے۔ میرے دونوں استاد تھے اور سچ یہ ہے کہ مجھے سیفی صاحب کی محبت وصحبت زیادہ عزیز تھی لیکن میرا وقت زیادہ تر کبھی صاحب کے ساتھ گزرتا تھا۔

سو جب بھی میں اور سیفی صاحب کینٹین پر اکٹھے ہوتے تو ڈھیروں باتیں کرتے۔ وہ اپنے جوانی کے ایام یاد کرتے۔ کینٹین ان کی یادوں کا مرکز تھی۔ انہیں کینٹین پر پیدا ہونے والے جانوروں اور پرندوں کی تاریخ پیدائش تک یاد تھی۔ وہ بتاتے کہ زمیندار کالج کی اینٹ اینٹ سے انہیں کتنا پیار ہے۔ شاید بہت کم لوگ یہ جاننے والے رہ گئے ہوں گے کہ جب زمیندار کالج میں ایم اے بلاک جسے ظہور الٰہی بلاک کا نام دیا گیا کی تعمیر کی بنیاد رکھی گئی تو اس میں پلاسٹک کے لفافے میں (جو مٹی نہ کھا سکے) سیفی صاحب کی کتابوں کا سیٹ رکھا گیا۔ وہ یہ سوچ کر خوش ہوتے تھے کہ سینکڑوں برس بعد جب عمارت منہدم ہوجائے گی تو اس کے ملبے سے میری کتابیں دریافت ہوں گی۔

کالج میں ان کے پسندیدہ لوگوں کا حلقہ بہت سمٹ چکا تھا۔ میرے علاوہ ریاضی کے استاد ضیا صاحب کے ساتھ تنہا وقت گزارنا بھی پسند کرتے تھے۔ ضیا صاحب بھی ان کے بہت بڑے قدر دان تھے یا چند احباب اور تھے۔

میرا پہلا شعری مجموعہ موسم گل حیران کھڑا ہے کی اشاعت کا وقت آیا تو میں نے مسودہ سیفی صاحب کو بھی دکھایا اور ان کے مشورے پر بعض اشعار میں ترامیم بھی کیں سیفی صاحب نے اس مجموعے کے لیے تعارفی سطور بھی رقم کیں جن میں مجھے زمیندار کالج کے سرو کے پودوں کی قطار میں اضافہ قرار دیا۔

ایک تو سیفی صاحب کی شادی ذرا تاخیر سے ہوئی دوسرا ان کی بیگم کو بیماری نے گھیر لیا اس لیے پریشان رہنے لگے۔ اور پھر بیگم کی وفات کے بعد تو جیسے اندھیرا چھا گیا۔ اس زمانے میں میرا بہت سا وقت ان کے ساتھ تنہا گزرتا۔ ہم کینٹین کے اس مخصوص کونے میں تا دیر بیٹھے رہتے اور سیفی صاحب اپنی یادیں سنا سنا کر خود بھی آبدیدہ ہوتے اور مجھے بھی آب دیدہ کر دیتے۔ وہ بتاتے کہ انہوں نے اپنی بیگم کی ہر یاد اسی طرح محفوظ رکھی ہے جیسے وہ چھوڑ کے گئی تھی یہاں تک کہ اس کے جوتے اور موزے بھی۔ لوگ بڑے ظالم ہیں۔ ہنس ہنس کر انہیں دوسری شادی کا مشورہ دیتے اور وہ رو رو کر ان دوستوں کی بے حسی کا ذکر مجھ سے کرتے۔

اس دکھ کی گھڑی میں ایک دلچسپ واقعہ کا ذکر بھی ضروری ہے۔ انہی ایام میں بھابی کی ایک رفیق کار سیفی صاحب سے اظہار تعزیت کے لیے تشریف لائیں۔ بھابی سے متعلق یادوں کا تبادلہ اور آنسو کافی دیر جاری رہے۔ دوسرے دن وہ پھر آموجود اور پھر وہی سلسلہ۔ دو چار دن تو یہ معمول چلتا رہا لیکن وہ خاتون ہر روز تشریف لے آتیں۔ یہاں تک کہ سیفی صاحب اس سے کترانے لگے۔ اسے آتا دیکھ کر ادھر ادھر ہوجاتے اور مجھے حکم دے جاتے کہ اسے کسی طرح ٹال کر بھیج دیں اور مجھے کسی طرح اس کے چنگل سے بچاؤ۔

سیفی صاحب نے بھابی کی یاد میں لکھی ہوئی غزلوں کا ایک مجموعہ شائع کیا۔ یہ چھوٹی تقطیع میں تقویم سائز کی کتاب تھی جس کا مقصد سیفی صاحب بتاتے تھے کہ اسے آسانی سے پرس میں رکھا جاسکتا ہے۔

یہ کتاب میری بیوی کو بہت پسند تھی اور واقعی وہ اسے ہر وقت اپنے پرس میں رکھتی تھی۔ میری بیوی نے فرمائش کی کہ آپ بھی اس طرح مجھ پر کتاب لکھیں۔ میں نے مذاق میں کہا انہوں نے یہ کتاب بیوی کے مرنے کے بعد لکھی ہے۔

پھر یوں ہوا کہ سیفی صاحب نے شادی بھی کرلی اور اللہ نے ان کو اولاد کی نعمت سے بھی نوازا لیکن اب وہ پہلے کی طرح مجلس آرا نہیں رہے تھے۔ بیوی کی پنشن کے مسائل بھی کافی پریشان کر رہے تھے۔ دوسری شادی پر دوستوں کے طنز سے ڈرتے تھے۔ سوزیادہ تر کنارا کش رہے۔ ادھر میری بیوی بھی کینسر میں مبتلا ہوئی اور سال بھر میں اللہ کے حضور بھی پہنچ گئی۔ اب سیفی صاحب انہی بے حس دوستوں کی صف میں کھڑے تھے۔ وہ مجھے پوری شدت سے اصرار کرتے کہ شادی کرلو۔ میں نے مذاق میں کہا انہوں نے یہ کتاب بیوی کے مرنے کے بعد لکھی ہے۔

پھر یوں ہوا کہ سیفی صاحب نے شادی بھی کرلی اور اللہ نے ان کو اولاد کی نعمت سے بھی نوازا لیکن اب وہ پہلے کی طرح مجلس آرا نہیں رہے تھے۔ بیوی کی پنشن کے مسائل بھی کافی پریشان کر رہے تھے۔ دوسری شادی پر دوستوں کے طنز سے ڈرتے تھے۔ سوزیادہ تر کنارا کش رہے۔ ادھر میری بیوی بھی کینسر میں مبتلا ہوئی اور سال بھر میں اللہ کے حضور بھی پہنچ گئی۔ اب سیفی صاحب انہی بے حس دوستوں کی صف میں کھڑے تھے۔ وہ مجھے پوری شدت سے اصرار کرتے کہ شادی کرلو۔ میں نے مذاق میں کہا انہوں نے یہ کتاب بیوی کے مرنے کے بعد لکھی ہے۔

اسد بھٹی، معصوم قمر، بنگلہ دیش کے سفیر کو ایکسپورٹ ڈسپلے سنٹر میں ٹریڈ لائن کا فرنیچر دکھا رہے ہیں

چوہدری پرویز اقبال لوہسر، چوہدری قمر عباس ٹوانہ، چوہدری وسیم شہزاد کا شادی تقریب میں گروپ فوٹو

نائب صدر گجرات چیمبر معصوم قمر بنگلہ دیش کے سفیر کو ڈسپلے سنٹر کا وزٹ کروا رہے ہیں

ڈاکٹر راجہ مشہر بنارس، واجد خان، ڈاکٹر شیاء بنارس، چوہدری تنویر میکن کا شادی تقریب میں گروپ فوٹو

مجھے اور عام کو بابر اعظم سے کوئی مسئلہ نہیں عماد وسیم

بابر ٹیم کے کپتان، سب انہیں سپورٹ کرتے ہیں، ہمارا مقصد جیت ہے، ایک دوسرے کا ساتھ دیں گے

لاہور (آن لائن) آل راؤنڈر عماد وسیم نے کہا ہے کہ مجھے اور محمد عامر کو بابر اعظم سے کوئی مسئلہ نہیں، وہ پاکستان ٹیم کے کپتان اور ہم سب انہیں سپورٹ کرتے ہیں، بابر شاید اسی لیے کپتان بنے ہیں تاکہ ہمیں ورلڈ کپ جتوا سکیں۔ قیادت میں مشاورت دینے کے سوال پر عماد وسیم (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 9)

احمد شہزاد کا پلیئرز پر سبکی کیلئے سوشل میڈیا مہم چلانے کا الزام

لوگ سوشل میڈیا پر ورلڈ کپ اسکواڈ میں شامل کرنے کی کمپین چلا رہے ہیں، قومی کرکٹر

لاہور (آن لائن) قومی ٹیم کے جارح مزاج اوپنر احمد شہزاد نے بعض کھلاڑیوں پر ٹیم میں شمولیت کیلئے سوشل میڈیا پر مہم چلانے کا الزام عائد کردیا۔ مقامی ٹی وی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے سوال اٹھایا کہ لوگ شور (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

پی ایس ایل: 4 پلے آف غیر جانبدار وینیو پر منعقد کرنے کی تجویز

پی ایس ایل 10 میں کراچی، لاہور، ملتان اور راولپنڈی پاکستان میں میچوں کی میزبانی کریں گے

لاہور (آن لائن) پی ایس ایل 10 کیلئے 4 پلے آف غیر جانبدار وینیو پر منعقد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ پی ایس ایل 10 میں کراچی، لاہور، ملتان اور راولپنڈی پاکستان میں میچوں کی میزبانی کریں گے، ہر ٹیم ہوم گراؤنڈ پر کم از کم 5 میچز کھیلے گی۔ پی سی بی اضافی مقامات کی تلاش جاری رکھے گا تاہم 4 پلے آف غیر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)




نوابزادہ حیدر مہدی کے ساتھ چوہدری نصر اقبال کھوڑی ملاقات کررہے ہیں (فوٹو: ارشد محمود)

تاریخ میں پہلی بار جیپ اور ہیوی بائیک ریلی کا انعقاد، غیر ملکیوں کی بھی شرکت

جیپ اور بائیک ریلی کے فاتحین کے لئے 80 لاکھ روپے تک کے انعامات رکھے گئے ہیں

لاہور (آن لائن) لاہور کی تاریخ میں پہلی بار جیپ اور ہیوی بائیک ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں غیر ملکیوں نے بھی شرکت کی ہے۔ جیپ اور بائیک ریلی کے فاتحین کیلئے 80 لاکھ روپے تک کے انعامات رکھے گئے ہیں جبکہ جیپ اور ہیوی بائیک ریلی دیکھنے والوں کے لیے بھی خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اختتامیہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)


نوابزادہ حیدر مہدی کے ساتھ چوہدری ظفر اقبال بھجرا ملاقات کررہے ہیں (فوٹو: ارشد محمود)

خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے ایک اور اعزاز اپنے نام کرلیا

کوہ پیما نائلہ کیانی نے دنیا کی پانچویں بلند چوٹی مکالو سر کرلی

اسلام آباد (آن لائن) کوہ پیما نائلہ کیانی نے دنیا کی پانچویں بلند چوٹی مکالو سر کرلی۔ پاکستان کی خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے نیپال میں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

پی ایس ایل 2025: پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلی پر غور شروع

اس اقدام کا مقصد ٹاس ہارنے والی ٹیموں کیلئے آسانی پیدا کرنا ہے

لاہور (آن لائن) شائقین کرکٹ پی ایس ایل 10 کی پلیئنگ کنڈیشنز جنون اور کھیل سے لگاؤ بڑھانے کیلئے پاکستان سپر لیگ میں تبدیلی پر (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

بی بی قیصرہ الٰہی، بی بی ثمیرہ الٰہی، چوہدری راسخ الٰہی کا سابق چیئرمین یوسی 7 حاجی نصر اللہ خاں کھوکھر کی رہائشگاہ پر سابق کونسلران ومعززین علاقہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

قزاخستان میں ورلڈ نومیڈ گیمز 8 ستمبر سے شروع ہونگی

ان مقابلوں میں 100 سے زائد ممالک سے 4 ہزار افراد کی شرکت متوقع

اسلام آباد (آن لائن) قزاخستان کے دارالحکومت آستانہ میں 5 ویں ورلڈ نومیڈ گیمز 8 ستمبر سے شروع ہوں گی، جو 14 ستمبر تک جاری رہیں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

گیری کرسٹن ویڈیو کال پر قومی کرکٹرز سے مخاطب

کھلاڑیوں نے ان سے مختلف سوالات کرتے ہوئے رہنمائی حاصل کی

لاہور (آن لائن) گیری کرسٹن بھارت سے ویڈیو کال پر قومی کرکٹرز سے مخاطب ہوگئے۔ وائٹ بال ہیڈ کوچ گیری کرسٹن ویڈیو (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 16)

مہنگائی برداشت سے باہر، غریب طبقہ کو ریلیف دیا جائے

احسان الحق رولیہ

پٹرول، ڈیزل پر حکومت مزدور افراد کو سبسڈی مہیا کرے، امیروں پر ٹیکس لگائے کا راگ نہ الاپا جائے، عملی نفاذ کو یقینی بنایا جائے

حکومت سرکاری سطح پر جاری ترقیاتی کاموں پر 5 سالہ پابندی لگانے کا اعلان کرے تاکہ مخلصانہ کرپشن بند ہوسکے

سدھ (سجاد حیدر ناز سے) پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما چوہدری احسان الحق رولیہ (سابق امیدوار برائے ایم پی اے) نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مہنگائی برداشت سے باہر ہوگئی ہے غریب طبقہ کو فوری ریلیف دیا جائے۔ انہوں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)



القاسم ٹرسٹ خدمت مشن بطریق احسن جاری رکھے ہوئے ہے

صوفی امانت علی

دیہات کی سطح پر القاسم ویلج کونسل عوامی رابطہ سازی کے ذریعے دین کا پیغام گھر گھر پہنچا رہی ہے

گجرات (اسجد نواز وڑائچ سے) القاسم ٹرسٹ ڈھوڈا شریف دینی خدمت مشن بطریق احسن جاری رکھے ہوئے ہے۔ چیئرمین القاسم ٹرسٹ صوفی امانت علی نے کہا ہے کہ ڈھوڈا شریف میں تسلسل کے ساتھ رابطہ سازی کے ذریعے دین کا پیغام گھر گھر گاؤں کی سطح پر قائم کردہ القاسم ویلج کونسل کے ساتھ ماہانہ میٹنگز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ عوامی پہنچا رہے ہیں (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)

حوثی گروپ کا بحیرہ روم میں بحری جہازوں کیخلاف کارروائیوں کے نئے مرحلے کا اعلان

ان تمام کمپنیوں کے بحری جہازوں پر پابندیاں عائد کرینگے جو اسرائیلی بندرگاہوں کو سپلائی کرنا چاہیں گی، بیان

صنعاء (آن لائن) یمن میں حوثی گروپ کے ترجمان نے بحیرہ روم تک بحری جہازوں کے خلاف کارروائی کے ایک نئے مرحلے کے آغاز کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی حوثی گروپ نے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، سرکاری افسران شریک ہیں

غزہ کے ممتاز سرجن اسرائیلی قید میں شہید ہوگئے

سرجن عدنان البرش کو تشدد کرکے شہید کیا گیا، رہائی پانیوالے قیدیوں کا بیان

مقبوضہ غزہ (آن لائن) غزہ کے ممتاز سرجن عدنان البرش کو تشدد کرکے شہید کیا گیا، رہائی پانیوالے قیدیوں کا بیان۔ امریکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی قید سے رہائی پانے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

حاجی زاہد کے صاحبزادے زین علی، ثمین علی چوہدری، وحید الدین چوہدری، اسد بھٹی گلدستہ پیش کررہے ہیں

بھارت: ڈاکٹر نے اپنی ماں، بیوی اور دو بچوں کو قتل کرکے خودکشی کرلی

مالی مسائل کو برداشت کرنے سے قاصر سرسی نواس نے انتہائی قدم اٹھایا، پولیس

کرشنا (آن لائن) بھارت میں پیش آئے ایک افسوسناک واقعے میں ڈاکٹر نے اپنے پورے خاندان ماں، بیوی اور دو بچوں کو قتل کرکے اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق بھارتی ریاست یوپی کے ضلع کرشنا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

علامہ قاری عرفان قادری، مہر ساجد اقبال کے والد محترم مہر سلیم کے لئے دعائے مغفرت کروا رہے ہیں، ممتاز کاروباری وسماجی شخصیات موجود ہیں

غزہ جنگ: امریکی طلبہ کا گرمی کی چھٹیوں میں بھی احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

حالیہ امتحانات کے بعد چھٹیوں میں بھی کیمپس خالی نہیں کرینگے، مظاہرے اگلے سمسٹر تک جاری رہیں گے، طلباء

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کی اکثر جامعات میں طلبہ نے موسم گرما کی چھٹیوں میں بھی فلسطینوں کے حق میں احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کردیا ہے کہ چھٹیوں میں بھی کیمپ خالی نہیں کیے جائیں گے۔ غیر ملکی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 8)

صدر گجرات پریس کلب سید نوید شاہ، جون علی شاہ کو گجرات پریس کلب کی یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں، وحید الدین چوہدری، سینئر فوٹو خورشید ودیگر موجود ہیں

امریکی رکن کانگریس نے خلائی جنگ کی تیاری کا عندیہ دیدیا

روس اور چین سے نمٹنے کیلئے امریکی فوج چاند پر اڈے قائم کرے گی

واشنگٹن (آن لائن) ری پبلکن امریکی رکن کانگریس کین کالورٹ نے خلائی جنگ کی تیاری کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ روس اور چین سے نمٹنے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام کسانوں کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

ملکی تاریخ میں پہلی بار آسٹریلین والی بال ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی

آسٹریلین ٹیم 26 مئی کو پاکستان پہنچے گی، بھارت نے ایشین لیگ میں شرکت سے معذرت کرلی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان والی بال فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری محمد یعقوب نے کہا ہے کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار آسٹریلیا کی ٹیم 26 مئی کو پاکستان تین میچوں کی سیریز کھیلنے پاکستان پہنچے گی، گیارہ مئی سے شروع ہونیوالی سینٹرل (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 6)

ایم پی اے سید مدثر علی شاہ الہ موسیٰ شہر میں صفائی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں، مہر اتحق، مہر غفار، احمد علی، نادر چوہدری ودیگر موجود ہیں

ABC Certified
مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء 25 بیساکھ 2081ب (CLP-53)
جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 253 قیمت 20 روپے فون 3729155-3607598

این اے 63 کے عوام نے ہمیں ووٹ دیکر عمران خان پر اظہار اعتماد کیا، ساجد چھنی یوسف

بغیر جلسے جلوسوں کے ہمارا ساتھ دیا شجاعت نواز اجنالہ، تحریک انصاف کرپشن کا خاتمہ چاہتی ہے، تنویر گوندل

فتح پور میں تحریک انصاف کا بڑا اکٹھ، ساجد یوسف چھنی، شجاعت نواز اجنالہ، تنویر گوندل، سید عطا اللہ شاہ بھی شریک چوہدری افضال، راشد لطیف میزبان

گجرات (سلیمان بٹ سے) فتح پور میں تحریک انصاف (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

چوہدری شفاعت حسین گوندل کالج آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز اور ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب کے زیر اہتمام ایک روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

کھاریاں، گرفتار خواجہ سراؤں کا 14 روزہ ریمانڈ، احتجاج کے پیش نظر پولیس کی بھاری نفری طلب

شہر میں ایلیٹ فورس کی گاڑیاں گشت کرتی رہیں خواتین پولیس اہلکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی

کھاریاں (شہزاد احمد سے) تھانہ صدر کھاریاں میں خواجہ سراؤں کے احتجاج کے ممکنہ خطرے کے پیش نظر پولیس کی آمد، نفری طلب کی گئی۔ پورا دن ایلیٹ فورس کی گاڑیاں بھی شہر میں گشت کرتی دکھائی دیں۔ ذرائع (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

ہماری اولین ترجیح عوامی خدمت ہے، مریم نواز پنجاب کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہیں

طلباء و طالبات کو بائیکس، عوام کو سولر سسٹم کی فراہمی، آٹے میدے کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف مل رہا ہے

ظلم و ناانصافی بدمعاشی و غنڈہ گردی کیخلاف جہاد جاری رکھیں گے، ڈیرہ کلاچور پر وفود سے گفتگو

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) مسلم لیگ ن یوتھ ضلع گجرات کے کوارڈی نیٹر چوہدری علی وڑائچ کلاچور نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ان کا مشن ہے اور وہ یہ مشن جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز ویژنری راہنما کے طور پر سامنے آئی ہیں انہوں نے پنجاب کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کر دیا ہے طلباء و طالبات کو بائیکس کی فراہمی عوام کو سولر سسٹم کی فراہمی، آٹے اور میدے کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف مل رہا ہے چوہدری علی وڑائچ نے کہا کہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

چوہدری عبداللہ یوسف کا جلقہ میں مصروف دن، وفود سے ملاقاتیں، فاتحہ خوانی

MPA

چوہدری عبداللہ یوسف نے چوہدری خان محمد مکیانہ کی صحت یابی پر ملاقات کی چوہدری خالد نواز کے ختم قل میں شرکت، چوہدری نصر اللہ ہمراہ تھے

حاجی حبیب اللہ صراف سے فاتحہ خوانی کی اگووال میں چوہدری اختر کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کی، ڈیرہ لالہ چک پر وفود سے ملاقاتیں کیں

جلالپور جٹاں (اعظم انصاری سے) ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف کا حلقہ میں معروف دن عوامی حلقوں سے ملاقاتیں، مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف ہریہ والہ میں چوہدری خالد نواز مرحوم کی رسم قل پر چوہدری نصر اللہ آف کسوکی کے ساتھ بھی موجود تھے جلالپور جٹاں میں میاں حبیب اللہ صراف کے ساتھ اُن کے خالہ زاد کی وفات پر ایم پی اے خان محمد کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف ہریہ والا، جلالپور جٹاں، مکیانہ، اگووال سمیت دیگر علاقوں میں عوامی وفود سے ملاقاتیں، فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جلالپور جٹاں، چوہدری علی وڑائچ، چوہدری یاسر وڑائچ، چوہدری ابراہیم کی صاحبزادی کی تقریب رخصتی میں بارات کے استقبال کے لیے کھڑے ہیں

چوہدری اخلاق رنیاں کا وفد کے ہمراہ ہائر سیکنڈری سکول امرہ کلاں کا دورہ

سکول آمد پر چوہدری اخلاق رنیاں، چوہدری اظہر اقبال، چوہدری عمران گجر، چوہدری صفدر کا ہیڈ ماسٹر پرویز اقبال نے استقبال کیا

سٹاف نے سکول کے مسائل سے آگاہ کیا چوہدری اخلاق رنیاں کی حل کی یقین دہانی، عمران گجر، لالہ شفیق دیگر موجود تھے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان مسلم لیگ ق کے راہنما ایم پی اے چوہدری اعجاز احمد رنیاں کی خصوصی ہدایت پر چوہدری اخلاق احمد رنیاں کی چوہدری حاجی اظہر اقبال امرہ کلاں، میاں خان جی، چوہدری عمران گجر، چوہدری صفدر وڑائچ ناروے کی کاوشوں سے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول امرہ کلاں کا وزٹ۔ وڑائچ ناروے کے ہمراہ سکول پہنچے تو ان کا استقبال ہیڈ ماسٹر پرویز اقبال، اختر علی، ارشد چوہدری اخلاق احمد رنیاں، حاجی چوہدری اظہر اقبال امرہ، چوہدری عمران گجر، چوہدری صفدر محمود، محسن (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

فارن آفس کیمپ گجرات، پارکنگ نہ ہونے سے ٹریفک مسائل بڑھنے لگے

جٹو وکل جی ٹی روڈ پر قائم فارن آفس سب کیمپ میں گجرات، گوجرانوالہ، وزیر آباد منڈی بہاؤالدین سے بھی لوگ دستاویزات تصدیق کرانے آتے ہیں

آفس کے باہر پارکنگ ایریا نہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں فارن آفس کیمپ وسیع علاقے میں شفٹ کیا جائے

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) فارن آفس سب کیمپ گجرات کے باہر پارکنگ نہ ہونے سے ٹریفک جام کے مسائل بڑھنے لگے۔ گجرات میں قائم ہونے والے فارن آفس سب کیمپ جو کہ دیوان خاص میرج ہال نزد ایدھی ہائی وے سنٹر جٹو وکل جی ٹی روڈ گجرات میں قائم کیا گیا ہے۔ اس سب کیمپ میں ضلع گجرات کے "گوجرانوالہ" منڈی بہاؤالدین "وزیر آباد" جہلم، حافظ آباد، میانوالی، لکھوکھ سمیت آزاد کشمیر کے باشندے دستاویزات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

بابا گونا جی سرکار کا دوست احباب کے اعزاز میں گریٹ عشائیہ کے موقع پر گروپ فوٹو

بابا جی گونا سرکار حسن پٹھان کا دوستوں کے اعزاز میں گریٹ عشائیہ

تقریب حسن پٹھان میں ان کی رہائشگاہ پر ہوئی، عشائیہ میں محمد شفیق منگا، انعام اللہ بٹ، ملک احسان اللہ، ملک ندیم عاشق اعوان

ملک وسیم عاشق اعوان، غفور گل، اظہر محمود بیگ، ملک اعجاز العارفین، سیٹھ ارسلان، ملک مرید حسین و دیگر کی شریک

کوٹلہ ارب علی خان طور احمد گل + عابد مرزا) علاقہ کی ہر دلعزیز شخصیت بابا جی گونا سرکار حسن پٹھان کا دوست احباب کے اعزاز میں گریٹ عشائیہ پروقار تقریب اگی رہائش گاہ حسن پٹھان میں انعقاد پذیر ہوئی پرتکلف تقریب عشائیہ میں محمد شفیق منگا زرگر کوٹلہ (صدر صرافہ ایسوسی ایشن کوٹلہ) انعام اللہ بٹ کوٹلہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

ملک احتشام شیخ پور حضرت میاں صاحب ٹرسٹ کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ

چوہدری بابر وڑائچ، چوہدری عامر شہزاد، چوہدری عمران ضیاء، فیاض احمد کدھر، عبداللہ انصر، خالد محمود، بھی شریک

ملک احتشام کو بیٹے کی پیدائش پر مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار نومولود کی صحت مندانہ زندگی کے لیے دعائیں مٹھائی و گلدستے پیش

گجرات (احسان اللہ سے) ملک احتشام شیخ پور کا دوست احباب کے اعزاز میں ظہرانہ، ڈیرہ حضرت میاں صاحب ٹرسٹ رجسٹرڈ (سب آفس گجرات) کے ضلعی صدر چوہدری محمد بابر وڑائچ کی اپنی ٹیم سمیت مہمان کے ہمراہ ملک احتشام کے گھر شیخ پور گجرات آمد ملک احتشام کو ان کے بیٹے کی پیدائش پر پوری ٹیم کی طرف سے مبارکباد پیش کی گئی میں شامل افراد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

پولیس موبائل خدمت وین ماہ مئی کا شیڈول جاری

آج ٹاہڈہ، 8 منگووال غربی 9 ڈنگہ 10 مئی کو کنجاہ جائے گی

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) پولیس موبائل خدمت وین نے ماہ مئی کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ڈی پی او گجرات کی خصوصی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

ڈنگہ، پیٹرولنگ پولیس نے ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا

ایس آئی سجاد احمد نے محمد ابراہیم سے رائفل کلاشنکوف برآمد کر لی مقدمہ درج

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) سب انسپکٹر ASI پی ایچ پی سجاد احمد کے ہمراہ السید پٹرولنگ پولیس موجیانوالہ Si اشفاق احمد وڈیم پر گشت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

عمران خان قوم کی امید، یوسف ساجد چھنی کے شانہ بشانہ ہیں

افضال سفید پوش

یونین کونسل فتح پور کے عوام نے الیکشن میں تحریک انصاف کے امیدواروں کو ووٹ دیکر حب الوطنی کا مظاہرہ کیا، چوہدری راشد لطیف

نوجوان نسل عمران خان کو پسند کرتے ہیں اور ان کے نظریے سے متفق ہیں انشاء اللہ بہتری پی ٹی آئی ہی لائے گی

گجرات (سلیمان بٹ سے) چوہدری ساجد یوسف چھنی کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے چوہدری افضال احمد سفید پوش اور راشد لطیف نے چوہدری منظور آف بھولا اور چوہدری شریز بانیاں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ یونین کونسل فتح پور کی عوام چوہدری ساجد یوسف کے چاہنے والوں کا گڑھ ثابت ہوا ان شاء اللہ ہم عوام اور عوام ہمارے ساتھ کھڑی ہے کوئی غلطی نہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کے سیکرٹری حافظ محمد عقیل رابطہ آفس فوارہ چوک میں حلقہ بھر سے آئے عوامی وفود کے مسائل سن رہے ہیں

تحریک انصاف کے زیر اہتمام فتح پور میں منعقدہ اکٹھ سے چوہدری ساجد یوسف چھنی، چوہدری شجاعت نواز اجنالہ خطاب کر رہے ہیں، چوہدری تنویر گوندل، افضال احمد خاموش، راشد لطیف بچی سمیت حمائتین علاقہ موجود ہیں

لمہ شریف کا 28 سالہ نوجوان مچھلیاں پکڑتے میلاکیشیا سمندر میں ڈوب گیا

محسن غفور مچھلیاں پکڑتے سمندر کی بے رحم لہروں کی نظر ہو گیا، مرحوم کو لمہ شریف قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کھاریاں (سٹاف رپورٹر) لمہ شریف کا 28 سالہ نوجوان محسن غفور ملائشیاء کے سمندر میں مچھلیاں پکڑتے بے رحم لہروں کی نظر ہو گیا اور جان کی بازی ہار گیا۔ گزشتہ شب سکنڈوں سوگواروں کی موجودگی میں لمہ شریف والے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ مرحوم کے والد عبدالغفور نے خود پڑھائی۔ نماز جنازہ اور ختم قل میں عالم اُمڈ آیا کثیر تعداد میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

چوہدری شوال احمد ڈھینسہ اٹلی کے تایا

چوہدری مغفور فرڈھینسہ لنڈپور کے والد چوہدری محمد سرور ڈھینسہ انتقال کر گئے نماز جنازہ آج ہوگی

گجرات (احسان اللہ سے) اٹلی کی ممتاز کاروباری شخصیت چوہدری شوال احمد ڈھینسہ کے تایا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)



چوہدری علی شان سونی کی چڑیالہ ہاؤس آمد

ملک فیملی کو راضی نامہ اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی

چوہدری ارشد گجر، ملک بلال اعوان، بابا جی گونا سرکار، ملک ساجد و دیگر موجود تھے

کوٹلہ ارب علی خاں (نمائندہ ڈاک) سینئر وزیر ریاست آزاد کشمیر معروف سیاسی شخصیت چوہدری علی شان سونی کی وفد کے ہمراہ چڑیالہ ہاؤس آمد ملک فیملی کو راضی نامہ اور اہل وعیال کو عمرہ کی سعادت پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چوہدری ارشد گجر پرانا کوٹلہ۔ ملک بلال اعوان چوہڑ پور (سیئن)۔ بابا جی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

حاجی عبدالعزیز عالم گڑھ کی برسی آج عالم گڑھ میں ہوگی

چوہدری شہزاد عزیز، چوہدری عدنان عزیز، چوہدری عثمان عزیز، چوہدری قاسم عزیز کے والد

گجرات (احسان اللہ سے) سیئن کی ممتاز کاروباری شخصیت چوہدری شہزاد عزیز، چوہدری عدنان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

جلالپور جٹاں، جو جا پہلوان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، فوٹو اعظم انصاری

ڈاکٹر رائے شبیر احمد صدر شعبہ UOG ہسٹری کی پنجاب یونیورسٹی تقریب میں شرکت

ڈاکٹر رائے شبیر احمد نے سیمینار میں مدلل انداز میں اظہار خیال کیا سینئر اساتذہ سے ملاقاتیں کیں اہم امور پر تبادلہ خیالات

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) ممتاز ماہر تعلیم ڈاکٹر رائے شبیر احمد (صدر شعبہ UOG ہسٹری) کی پنجاب یونیورسٹی تقریب میں شرکت، ڈاکٹر رائے شبیر احمد نے سیمینار میں مدلل انداز میں اظہار خیال کیا سینئر اساتذہ سے ملاقاتیں کیں اہم امور پر تبادلہ خیالات ڈاکٹر رائے شبیر احمد کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ان کی کتاب گاندھی اور جناح کو بے پناہ مقبولیت پاکستان اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

نوابزادہ حیدر مہدی چوہدری محمد علی ٹھمکہ سے اظہار افسوس کر رہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی سے چوہدری ہمایوں شکیل عالم ڈھرجم اختر سرکیں چوہدری احسان باہی مشاہدت کر رہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی کا ٹھمکہ آمد پر چوہدری نعمان نصرتاریاں استقبال کر رہے ہیں

تمام عبادات صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کی جانی چاہیں، امیر عبدالقدیر اعوان

حضور اکرم کی حیات طیبہ اور اسوہ حسنہ تمام انسانیت کے لئے نمونہ ہے دوروزہ روحانی اجتماع سے خطاب

گلیانہ (عبدالغفور مرزا سے) بندہ مومن کو اللہ کریم کا بندہ نصیب ہونا اس کے نہاں خانہ دل میں وہ کیفیت پیدا کرتا ہے کہ وہ اپنے ہر عمل کو اس طرح ادا کرتا ہے کہ رب کریم اسے دیکھ رہے ہیں۔ جب بحیثیت مجموعی یہ کیفیت نصیب ہو جائے تو اسلامی معاشرے کی حالت بدل جائے گی۔ یہ حال اُن برکات رسول سے ممکن ہے جو قلب اطہر محمد الرسول اللہ سے سینہ بہ سینہ آرہی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

سابق ناظم میاں محمد عاظم حسین انصاری کی رہائش گاہ پر چوہدری راسخ الٰہی میاں عدنان انصاری، میاں ارسلان انصاری، فرحان انصاری، مرزا علی، و دیگر کا گروپ فوٹو

چوہدری ڈاکٹر ظفر اقبال دیوڑا کا منشاء ڈورہ سے اظہار تعزیت

اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت میں جگہ دے۔ ڈاکٹر ظفر دیوڑا منشاء ڈورہ کی والدہ کی نماز جنازہ میں شریک

گجرات (نمائندہ ڈاک) مسلم لیگ ن کے راہنما ملک منشاء ڈورہ کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے ڈاکٹر ظفر اقبال دیوڑا نے کہا ہے کہ ہم ملک منشاء اور ان کی فیملی کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ مرحومہ کو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

چوہدری منظور بھولا، چوہدری شمریز جاتریہ میں صلح، سید مدد علی شاہ کو خراج تحسین، مرزا غضنفر علی شمس

ایم پی اے سید مدد علی شاہ حلقہ سے خاندانی دشمنیوں کا خاتمہ کرنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم عمل ہیں

لالہ موسیٰ (طارق منہاس سے) جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ق لالہ موسیٰ مرزا غضنفر علی شمس ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایم پی اے سید مدد علی شاہ کلیال سیداں نے چوہدری منظور آف بھولا اور چوہدری شمریز جاتریہ کے مابین راضی نامہ کروا کر بڑا احسن قدم کیا ہے۔ فریقین کے درمیان خانہ کی وجہ سے علاقہ میں کشیدگی پیدا ہو گئی تھی۔ سید مدد علی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

نوابزادہ حیدر مہدی لالٹیاں میں چوہدری بدر محمود کے والد کے لیے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں چوہدری مظہر سرباہی، چوہدری محمد علی چوہدری عطا محمد و دیگر موجود ہیں

چوہدری ڈاکٹر رائے شبیر احمد صدر شعبہ UOG ہسٹری پنجاب یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 1

گندم مئی میں خریدتی ہے لیکن اس بار تاخیر کی وجہ پہلے سے اسٹاک کی موجودگی اور نئی فصل کی گندم میں موجودگی بھی ہے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 2

سرکاری ریٹ سے بھی کم قیمت پر گندم فروخت ہونا تشویشناک ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عام کسان کا گلا گھونٹا جا رہا ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ان کا کہنا تھا کہ لاہور سمیت صوبہ پنجاب میں گوجرانوالہ، ساہیوال، فیصل آباد، اوکاڑہ، جھنگ اور قصور میں احتجاجی کیمپس لگائے گئے ہیں۔جن میں کسانوں کی بڑی تعداد شریک ہے۔انہوں نے کہا کہ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق گندم کے بحران کے بعد کاشتکاروں کو فی ایکڑ آمدن کم ہو جانے سے ملک بھر میں کپاس کی کاشت متاثر ہوگی۔ چینگ فیکٹریوں میں ایک اکاؤنٹیبلٹی سے زائد روئی کا کوئی خریدار نہیں، ٹیکسٹائل ملوں نے بھی روئی فروخت کرنا شروع کر دی ہے۔ ہم نے پنجاب حکومت کو 4 دن کا الٹی میٹم دیا ہے اگر اس نے گندم کی خریداری شروع نہ کی تو وزیراعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ کریں گے۔حکومت کسانوں کو درپیش مسائل کے ازالہ کیلئے سنجیدہ نہیں ہے۔گندم کا سرکاری نرخ پانچ ہزار مقرر کر کے خریداری کو یقینی بنایا جائے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کسانوں کے اہم ایشو کو سیاسی رنگ دیکر پردہ ڈالنا چاہتی ہے مگر جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ہم کسانوں کے ساتھ ظلم کو برداشت نہیں کریں گے۔ حکمرانوں کی بے حسی کے باعث قرض حاصل کر کے گندم کاشت کرنے والے اپنی فصل اونے پونے فروخت کرنے پر مجبور ہیں

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 3

3150 تک اونے پونے میں گندم بیچنے پر مجبور ہیں۔لاہور میں گندم کا ریٹ 3150 روپے فی من ہے جبکہ چھوٹے شہروں میں گندم کا ریٹ 2400 سے 2600 روپے تک فروخت ہو رہی ہے، پنجاب کی منڈیوں میں گندم کے خریدار کم پڑ گئے، آڑھتیوں نے بھی گندم خریدنے سے انکار کر دیا، پنجاب میں فلور ملز اور سیڈ ملز بھی من پسند قیمتوں پر گندم خرید رہے ہیں۔ بارشوں کی وجہ سے گندم میں زیادہ نمی کا جواز بنا کر خریداری نہیں کی جا رہی۔ گزشتہ برس پنجاب حکومت نے 40 لاکھ ٹن گندم کی خریداری کی تھی، پنجاب میں رواں برس ایک کروڑ 60 لاکھ ایکڑ پر گندم کاشت کی گئی، جگہ، زراعت کی جانب سے خریداری ہدف 2 کروڑ 56 لاکھ ٹن مقرر کیا گیا۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 4

کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 24 جبکہ زیادہ سے زیادہ 41 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے، شہر میں 11 مئی تک گرمی کا زور برقرار رہے گا، بارش کا کوئی امکان نہیں ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں اس وقت مطلع صاف اور حبس و حبوب کے ساتھ موسم گرم ہے، لاہور کا درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا، محکمہ موسمیات نے شہریوں کو دوپہر کے اوقات میں باہر کم نکلنے، سایہ دار جگہوں پر رہنے اور پانی زیادہ پینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہی ہے۔ ماہرین موسمیات کے مطابق رواں سال غیر معمولی مون سون بارشوں کا بھی امکان ہے۔ مئی کے تیسرے ہفتے سے پنجاب میں آندھی اور بارشیں شروع ہوں گی

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 5

کے افراد نے پاکستان کی عسکریت، عظمت اور شہداء کی یادگاروں کی حرمت کی پامالی کی ہم اس کی سخت مذمت کرتے ہیں، پاکستان سے وفاداری ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے، ہمیں اس بات کا ادراک ہونا چاہیے کہ پاکستان کی سلامتی کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھایا جائے، پاک فوج کے جوانوں نے ملکی سلامتی کے لیے اپنی جانیں قربان کی ہیں 9 مئی کو ان کی تذلیل کی گئی، 9 مئی کے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور انکے خلاف فوجی عدالتوں میں چلایا جائے تاکہ ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔#/s

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 6

دی اور کہا کہ شہر اقتدار میں روٹی کی قیمت 16 روپے جبکہ نان 20 روپے برقرار ہے، اسلام آباد میں نان اور روٹی کی قیمتیں نوٹیفکیشن کے مطابق رہیں گی، ضلعی انتظامیہ کے مطابق عدالتی حکم کے بعد روٹی کا وزن 120 گرام کی بجائے 100 گرام ہوگا، ڈی سی اسلام آباد نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو دوبارہ نان روٹی قیمتوں کی انسپکشن کی ہدایت کر دی اور کہا کہ شہری 100 گرام روٹی 16 روپے جبکہ 120 گرام نان 20 روپے میں خریدیں۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 7

والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، معاشرے میں قیام امن کو یقینی بنانے کیلئے قانون ہر ایک کیلئے ایک جیسا بنانا ہوگا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں امیر اور بااختیار کیلئے اور قانون جبکہ غریب کا اچار کیلئے اور قانون ہونے کی وجہ سے معاشرے میں طبقاتی نظام پیدا ہو چکا ہے اگر ملک میں بسنے ہوئے نظام اور قانون پر درست معنوں میں عمل کیا جائے تو اٹھانوے فیصد مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں مگر قانون بنانے والے ہی اس کو سب سے پہلے توڑتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج جن ممالک میں قانون اور انصاف کی حکمرانی ہے وہاں ادارے مضبوط ہیں اور عوام خوشحال ہے اور جہاں فردکی حکومت ہے وہاں ادارے تباہ ہو چکے ہیں اور ملکی دولت لوٹنے والا طبقہ خوشحال ہے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 8

لاگو نہ کیا جائے گا، بتایا گیا ہے کہ سکول کونسل با اختیار بنانے سے سکولوں میں سرکاری اداروں کا مکمل دخل ختم ہو جائے گا، اس سے قبل سکولوں میں کمروں کی تعمیر کیلئے ایجوکیشن اتھارٹی اور بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ سے منظوری لینا پڑتی تھی، سکول کونسل کے بااختیار ہونے سے ترقیاتی کاموں کیلئے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ سے منظوری کی ضرورت نہیں پڑے گی، سکول کونسل اپنی مرضی سے ادارے میں ترقیاتی کام کروا سکیں گے، درجہ چہارم اور کیئر گیور کی تنخواہیں سکول کونسل کی منظوری سے دی جائیں گی، اس حوالے سے صدر ٹیچرز ایسوسی ایشن آزور بھٹی کا کہنا ہے کہ سرکاری سکول پہلے ہی مالی بحران کا شکار ہیں، رواں سال حکومتی نااہلی کے باعث ان سکڑی بجٹ کی صرف 2 اقساط ہی مل سکی، سکول کونسل بااختیار بنانا احسن فیصلہ ہے، فنڈز بڑھانے سے سکول کونسل کے تحت تعلیمی اداروں میں معیاری کام ہو سکیں گے

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 9

ساعت کے لیے منظور کرتے ہوئے پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل کر دیا اور مزید ساعت غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دی جبکہ لارجر بنچ کی تشکیل کیلئے معاملہ چیف جسٹس اور تین رکنی کمیٹی کو بھجوا دیا گیا، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ ہمیں عوامی مینڈیٹ کی حفاظت کرنی ہے، اصل مسئلہ عوامی مینڈیٹ ہے، جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ ہم نے کہا تھا کہ سیاسی جماعت کو جیتی ہوئی نشستوں کے تناسب سے مخصوص نشستیں مل سکتی ہیں۔استفسار کیا کہ قانون میں کہاں لکھا ہے کہ اتحادی نشان نہ ملنے پر وہ سیاسی جماعت الیکشن نہیں لڑ سکتی؟، ایک بات تو طے ہے جس جماعت کی جتنی نمائندگی ہے اتنی ہی مخصوص نشستیں ملیں گی۔ سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے لیے دائر اپیل پر ساعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ موجودہ کیس آئین کے آرٹیکل 185 کے تحت اپیل میں سن رہے ہیں، موجودہ کیس آرٹیکل 184/3 کے تحت دائر نہیں ہوا۔ جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ ابھی تو اپیلوں کے قابل ساعت ہونے پر فیصلہ ہونا ہے، قابل ساعت ہونا طے پا جائے، پھر لارجر بنچ کا معاملہ بھی دیکھ لیں گے۔ مخصوص نشستوں پر نامزد خواتین ارکان اسمبلی کی جانب سے بھی بینچ پر اعتراض کر دیا گیا۔ وکیل خواتین ارکان اسمبلی نے عدالت کو بتایا کہ یہ آئین کے آرٹیکل 51 کی تشریح کا مقدمہ ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت کیس 5 رکنی بینچ سن سکتا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بھی تین رکنی بینچ پر اعتراض کر دیا گیا، ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمٰن نے کہا کہ اپیلیں لارجر بینچ ہی سن سکتا ہے۔ عدالت نے بینچ پر اعتراض مسترد کر دیا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ اس وقت صورت حال انتہائی دلچسپ ہوگئی جب تین رکنی بنچ کے سربراہ جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل الیکشن کمیشن سے کہا کہ مثال کے طور پر کل نشستیں 206 ہیں جن میں سے دو سو پر آزاد ارکین منتخب ہوئے ہیں جبکہ صرف 6 سیاسی جماعتوں کے پاس ہیں! کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ 70 مخصوص نشستیں دو سو آزاد ارکین کو نہیں بلکہ 6 سیاسی جماعتوں کو ملیں گی؟ الیکشن کمیشن کے وکیل نے جواب میں کہا بالکل ایسا ہی ہوگا جس پر کمرہ عدالت قہقہوں سے گونج اٹھا! جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل سے کہا آپ کی بات پر ہنسی کی آوازیں آ رہی ہیں۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 10

کے درمیان دلچسپ مکالمے نے کمرہ عدالت کشت زعفران بنا دیا۔ پیر کوسنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے کیس کی سماعت کے دوران اس وقت صورت حال انتہائی دلچسپ ہوگئی جب تین رکنی بنچ کے سربراہ جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل الیکشن کمیشن سے کہا کہ کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ 70 مخصوص نشستیں دو سو آزاد ارکان کو نہیں بلکہ 6 سیاسی جماعتوں کو ملیں گی؟ الیکشن کمیشن کے وکیل نے جواب میں کہا بالکل ایسا ہی ہوگا جس پر کمرہ عدالت قہقہوں سے گونج اٹھا! جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل سے کہا آپ کی بات پر ہنسی کی آوازیں آ رہی ہیں۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 11

نے ایک بھی ووٹ کسی کو اوور ریل نہ کیا، بتایا گیا ہے کہ لیسکو نے ایف آئی اے کو تحریری رپورٹ جمع کروا دی، ایف آئی اے نے رپورٹ وفاقی وزیر داخلہ کو پیش کر دی ہے، لیسکو نے گزشتہ ایک سال کے دوران 82 کروڑ یونٹ اوور بلنگ کے ذریعے عوام پر بوجھ ڈالے تھے، وزیر داخلہ نے ملک بھر میں اوور بلنگ کا آڈٹ لے کر ایف آئی اے کو کارروائی کے احکامات دیئے تھے، ایف آئی اے نے اوور بلنگ کرنے پر دو ایف آئی آرز کا اندراج کیا تھا تحقیقات کے دوران ایف آئی اے نے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی اور لیسکو سے آٹھ کروڑ روپے ہرجانہ وصول کروائے تھے، ایف آئی اے کے آپریشن کے بعد اوور بلنگ کے تدارک سے عوام کو بہت بجلی کے بلوں میں ریلیف ملا ہے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 12

نہیں۔ ماحولیاتی تبدیلی اہم ہے کوئی سمجھ نہیں رہا، جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا کیلئے قانون موجود نہیں لیکن اتھارٹی بنا دی گئی، جو اتھارٹی بنائی ہے وہ بناتے نہیں جو نہیں بنانی چاہئے وہ بنا دی گئی۔ انہوں نے یہ ریمارکس پیر کے روز دیئے ہیں۔ سپریم کورٹ میں موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی کے قیام سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، تین رکنی بنچ کی سربراہی کرتے ہوئے دوران سماعت جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کا ایکٹ 2017 کا ہے، موسمیاتی تبدیلی بہت بڑا رسک اور بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، اتنے سال بعد بھی اتھارٹی قائم نہیں ہو سکی، اٹارنی جنرل آج کیں پھر اس معاملے کو دیکھیں گے، موسمیاتی تبدیلی سے بڑا خطرہ ملک کیلئے اور کوئی نہیں، عدالت نے اٹارنی جنرل کو طلب کرتے ہوئے ساعت میں وقفہ کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق کیس کی وقفہ کے بعد دوبارہ سماعت شروع ہوئی تو سپریم کورٹ نے وفاقی حکومت کو پندرہ روز میں ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق اتھارٹی بنانے

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 13

مئی کے واقعے میں ملوث افراد کو جلد سے جلد سزا دی جائے، بیوہ میجر یاسر شہید نے کہا کہ ہمارے شہداء نے اپنی جانیں سرزمین پاکستان کے لئے قربان کیں جو ہم ہر شہدا کا احسان ہے، جو قومیں اپنے محسنوں کی قدر نہیں کرتیں وہ تاریخ کے صفحات سے مٹ جاتی ہیں، ہمارا فرض ہے کہ ہم شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھیں، شہید صوبیدار میجر راجا اسلم کی بیٹی نے کہا کہ ہم شہداء کے وارثین ہونے کے ناطے حکومت اور آرمی چیف سے اپیل کرتے ہیں کہ 9 مئی کے ذمہ داران اور سہولت کاروں کو فوری طور پر سزا دی جائے، شہداء کی قربانیوں کے باعث ہم چین کی نیند سوتے ہیں، ان کی قربانیوں کی وجہ سے ملک میں امن قائم ہے، کیا شہداء نے اس وطن کی خاطر قربانیاں اس وجہ سے دی تھیں کہ ان کی یادگاروں کی بے حرمتی کی جائے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 14

کابیڑا اٹھا چوہدری ساجد یوسف چھنی، چوہدری تنویر گوندل، چوہدری شجاعت نواز اجتالہ کی خصوصی امداد ایلان یوسی فتح پور کا ووٹ دینے پر شکریہ ادا کیا تفصیلات کے مطابق فتح پور کے مقامی میرج ہال میں ایلان فتح پور کا اکٹھ ہوا جس میں فتح پور کے بزرگ، نوجوان سمیت تمام مکاتب فکر افراد نے شرکت کی اس موقعہ پر ایم این اے حلقہ 63 ایم پی اے چوہدری تنویر گوندل، ایم پی اے چوہدری شجاعت نواز اجتالہ نے خصوصی شرکت کی اور ایلان فتح پور کا الیکشن میں بھرپور ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کی سعادت حافظ عاصم اعجاز نے حاصل کی جبکہ حضور کی بارگاہ میں عقیدت کے پھول مرزا شاہد بیگ نے نچھاور کیے پوگرام میں نقابت کے فرائض سرانجام دیتے ہوئے چوہدری عابد عالمگوہ نے پروگرام کو چار چاند لگا دیے جبکہ میزبانی فرائض صدر تحریک انصاف یونین کونسل فتح پور چوہدری افضال احمد سفید پوش اور جنرل سیکرٹری راشد لطیف چنچی نے ادا کیا اور تمام آنے والے مہمانوں کا شاندار استقبال کیا اس موقعہ پر چوہدری ساجد یوسف چھنی نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں اور میری ٹیم تمام حلقہ کی عوام خصوصاً فتح پور یونین کونسل کی عوام کا بیحد مشکور ہوں جنہوں نے مجھے ووٹ کے ساتھ مجھے عزت بخشی اور تاریخی لیڈ سے ووٹ دیے میں اللہ پاک کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے فتح پور کی عوام نے جو عزت دی وہ بھی نہیں بھولوں گا آپ جب بھی اواز دیں نکلے ہم آپ کے پاس ہوں گے جبکہ چوہدری شجاعت نواز اجتالہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فتح پور کی عوام نے سخت پابندیاں اور جلسے جلوسوں نہ ہونے کے باوجود ووٹوں کی لیڈ دے کر بتا دیا کہ ہم زندہ قوم ہیں انھوں نے بھی ساتھ دینے پر عوام کا شکریہ ادا کیا چوہدری تنویر گوندل نے فتح پور کی عوام کے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے عمران خان کے نامزد کردہ ایم پی اے اور ایم این اے کو بھاری اکثریت سے ووٹ دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ یونین کونسل فتح پور کے لوگ پاکستان کا مستقبل روشن دیکھنا چاہتے ہیں اور انے والی نسلوں کو ایک ترقی یافتہ کرپشن سے پاک اور مضبوط پاکستان دینا چاہتے ہیں اس موقعہ پر سٹی صدر تحریک انصاف سید عطاء اللہ شاہ نے بھی خطاب کیا عوام خصوصاً نوجوان طبقہ کا بھرپور ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ سوشل میڈیا پر اب اچھا کام کر رہے ہیں اب ساتھ بھی چلیں قدم سے قدم ملا کر چلیں منزل بہت قریب اس موقعہ پر شرکت کرنے والوں میں نمایاں چوہدری افضال احمد سفید پوش، راشد لطیف بانیاں، چوہدری سلمان جٹ، رضوان جٹ، رفیق بانیاں، چوہدری نصر اقبال چوہدروال، ڈاکٹر اعظم ڈیار، لطیف بانیاں، چوہدری عبدالخالق جٹ، یونس بٹ، ملک یاسر اعوان، نعیم عالمگوہ، شاہد بیگ مرزا چوہدروال، محمد یونس بھٹی، راجہ شفیق جلالپور جٹاں اخبار فروش، نذر خاں، اکرم بانیاں، زاہد خاں، عبدالستار خان، مبشر شٹ کے علاوہ کثیر تعداد میں دیگر عوام محمود تھی اخر میں تمام مہمانوں کا چوہدری افضال احمد سفید پوش اور راشد لطیف نے شکریہ ادا کیا تمام مہمانوں کو اس موقعہ پر شاندار عشائیہ بھی دیا گیا

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 15

کیمطابق خواتین پولیس اہلکاروں کی بڑی تعداد بھی طلب کی گئی نفری میں شامل تھی۔ جبکہ گرفتار خواجہ سراؤں کو جوڈیشل مجسٹریٹ میاں فہیم کی عدالت میں پیش کیا گیا جنہوں 14 روز ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 16

حالات جیسے بھی ہوں وہ ظلم و ناانصافی خندہ گردی بدمعاشی کیخلاف جہاد کرتے رہیں گے

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 17

کہا کہ ایک بات تو طے ہے جس جماعت کی جتنی نمائندگی ہے اتنی ہی مخصوص نشستیں ملیں گی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ کسی کا مینڈیٹ کسی اور کو دے دیا جائے؟ جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا تھا کہ پہلی بار ایسا ہوا کہ ایک بڑی سیاسی جماعت کو انتخابی نشان سے محروم کر دیا گیا۔ بعد ازاں، سپریم کورٹ نے فوری طور پر الیکشن کمیشن حکام کو طلب کر لیا اور ساعت میں 11 بج کر 30 منٹ تک وقفہ کر دیا۔ کیس کی ساعت دوبارہ شروع ہوئی تو اٹارنی جنرل اور ڈی جی لا الیکشن کمیشن عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ ایک سوال ہے کیا بانی پی ٹی آئی نشستیں دوبارہ بانٹیں جا سکتی ہیں، دوسرا یہ کہ مخصوص نشستیں اس لیے بانٹی گئیں کہ ہاؤس پورا ہو، اس میں کہاں غلطی ہے۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ کسی امیدوار نے سیاسی جماعت جوائن نہیں کی تھی، جس پر جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ کیا آزاد امیدواروں کی نشستیں دیگر جماعتوں کو بانٹی جا سکتی ہیں۔ آئین پاکستان کا آغاز بھی ایسے ہی ہوتا ہے کہ عوامی امنگوں کے مطابق امور انجام دیئے جائیں گے۔ کیا دوسرے مرحلے میں مخصوص نشستیں دوبارہ بانٹی جا سکتی ہیں۔ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ اگر مزید کچھ نشستیں بچ جائیں ان کا کیا کرنا ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتیں اپنے تناسب سے تو نشستیں لے سکتی ہیں، باقی نشستیں انہیں کیسے مل سکتی ہیں؟ کیا باقی بچی ہوئی نشستیں بھی انہیں دی جا سکتی ہیں؟ قانون میں ایسا کچھ ہے؟ جسٹس منصور علی شاہ نے اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ اگر قانون میں ایسا نہیں تو پھر کیا ایسا کرنا آئین کی خلاف ورزی نہیں؟ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کیا الیکشن کمیشن نے سموٹو اختیار سے بچی ہوئی نشستیں دوبارہ انہیں جماعتوں کو نہیں دی؟ جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا تھا کہ جو کام ڈائریکٹ نہیں کیا جا سکتا وہ ان ڈائریکٹ بھی نہیں ہو سکتا، ایک سیاسی جماعت کے مینڈیٹ کو ان ڈائریکٹ طریقے سے نظر انداز کرنا کیا درست ہے؟ عدالت نے بعد ازاں مخصوص نشستوں کا معاملہ سنی اتحاد کونسل کی اپیل باقاعدہ ساعت کے لیے منظور پشاور ہائی کورٹ اور الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل کر دیا، فیصلے میں کہا گیا کہ فیصلہ بعد میں الاٹ کی گئی سیاسی جماعتوں کی نشستوں کی حد تک ہے ماضی سے اطلاق نہیں ہوگا صرف 23 مخصوص نشستوں تک فیصلہ کا اطلاق ہوگا 23 مخصوص نشستوں والے ارکان آئندہ کارروائی میں ووٹ استعمال نہیں کر سکیں گے۔ سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے الیکشن کمیشن سے ریکارڈ طلب کر لیا۔#/s

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 18

(صدر مسلم لیگ ن یوتھ ونگ حلقہ این اے 62) ملک احسان اللہ اعوان (انچارج کیمپ سیل سابہر کرام ونگ ایف آئی اے گوجرانوالہ) سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب ملک ندیم عاشق اعوان کے بھائی ملک وسیم عاشق اعوان (حاجی عاشق حسین ہاؤس میاں چنوں) جوائنٹ غضنفر احمد گل (صدر نیشنل پریس کلب کوٹلہ) اظہر محمود بیگ حسن پٹھان ملک اعجاز الحق رفیق صبور سیٹھ ارسلان زرگر کوٹلہ (یوتھ حسین چیئرز کوٹلہ ملک مرید حسین رویری ملک تیمور اعوان پہاڑے چوہدری ضیافت گجر ڈھل گجراں مفتی عاشق حسین گرمالی ملک علی حسن اعوان پہاڑے فخر عرف ایس پی حسن پٹھان، سعد کوٹلہ، وقاص احمد حسن پٹھان چاند بیگ حسن پٹھان، راجو بیگ حسن، پٹھان، عابد مرزا سمیت بدھو دوست احباب نے خصوصی طور شرکت کی شرکاء عشائیہ کی انواع اقسام کے کھانوں سے تواضع کی گئی۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 19

چوہدری عامر شہزاد ایڈووکیٹ چوہدری عمران ضیاء عزت اقبال فیاض احمد کدھر عبداللہ الصمد خالد محمود اور الصمد محمود ملک احتشام نے ڈیرہ حضرت میاں صاحب ٹرسٹ (گجرات) کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ دوستوں کی میرے گھر آمد نے میرا مان بڑھا دیا جس پر میں تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 20

معززین علاقہ عزیز واقارب۔۔رشتہ دار واور نوجوانوں نے شرکت کی۔ یاد رہے مرحوم محسن غفور کیساتھ اسکا کزن بھی جاں بحق ہوا تھے

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 21

جان چوہدری غضنفر ڈھیسہ لنڈ پور کے والد محترم چوہدری محمد سرور ڈھیسہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے نماز جنازہ آج ہوگی دوست احباب سے شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 22

عزیز چوہدری عثمان عزیز، حاقان عزیز کے والد یونین کونسل عالم گڑھ کی ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت تحریک لبیک کے راہنما حاجی عبدالعزیز عالم گڑھ کی برسی آج عالم گڑھ میں ہوگی اجتماعی دعا 11 بجے ہوگی دوست احباب سے شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 23

ہیں۔ یہ حق قلوب میں انقلاب برپا کرتا ہے جس سے بندہ فرائض کی پابندی، حرام کھانے سے بچنا، بڑوں کا احترام اور چھوٹوں سے شفقت سے پیش آتا ہے اور اس راہ میں آنے والی تکالیف پر صبر کرتا ہے تو اللہ کریم کے ہاں اس کے لیے اجر عظیم ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا دورہ ماہانہ روحانی اجتماع سے خطاب۔انہوں نے کہا کہ بندہ مومن کو راستے سے پتھر اور کانٹا ہٹانے سے بھی اللہ کریم بخشش عطا فرماتے ہیں۔اپنی تمام عبادات کو خالص نیت کر کے صرف اللہ کے لیے اختیار کریں۔ آجکل یہ بات عام ہے کہ میں نمازیں بھی پڑھتا ہوں روزے بھی رکھتا ہوں اتنی تسبیحات بھی کرتا ہوں لیکن پھر بھی میں پریشان ہوں، مصیبتیں اور تکالیف ہیں یہ کہنا درست نہیں ہے۔ ہمیں اپنے اعمال کو دیکھنا ہوگا کہ کیا ہم اپنی عبادات دنیاوی تکالیف کو دور کرنے کے لیے ادا کر رہے ہیں یا اس کے حکم کی بجا آوری میں کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسوہ حسنہ تمام انسانیت کے لیے نمونہ ہے۔قرآن مجید میں آپ کو فرمایا جا رہا ہے کہ عبادات کو خالص اختیار کریں اور یہ امت کے لیے بھی تعلیم ہے کہ کوئی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے۔اس لیے اپنے ذکر پر توجہ دیں اور پوری یکسوئی اور ہتائے گئے طریقہ کے مطابق ذکر اختیار کریں۔ اپنے اہل خانہ کو بچوں کو بھی ان برکات سے بہرہ مند فرماتے ہوئے چاہیے کچھ دیر کے لیے ہی کیوں نہ ہو ذکر قلبی کرایا جائے۔ آخر میں حضرت جی نے اجتماع پر آئے ساتھیوں کو ذکر قلبی کرایا اور ملکی سلامتی اور بقاء کے لیے اجتماعی دعا بھی فرمائی۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 24

الیاس، رضوان بٹ، شفیق احمد، آصف اقبال، محمد اسلم، میاں مختار احمد، وقاص سرور، ندیم مطلوب، شہریز ستار، عبدالرحمٰن نے کیا۔ پھولوں کے ہار پہنائے اور پگڑیاں نچھاور کی گئیں۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر پرویز اقبال و دیگر اساتذہ کرام نے چوہدری اخلاق احمد رنیاں سے سکول میں اساتذہ کی کمی کو دور کرنے خصوصاً ہائر سیکنڈری حصہ میں اساتذہ صاحبان کی تعیناتی، ریورس اوسموسس واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب بمعہ گھرا بور، انتظامی ہال کی تعمیر، میٹرک کلاسز کے لئے امتحانی سنٹر کی بحالی کے مطالبات کئے۔ اس موقع پر چوہدری اخلاق احمد رنیاں نے کہا کہ ہم خصوصی دلچسپی لے کر گورنمنٹ ہائر سیکنڈری کے تمام مطالبات پورے کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ اس موقع پر نمایاں ترین شرکاء میں حاجی چوہدری اظہر اقبال امرہ کلاں، میاں خاص ممبر، چوہدری مظہر اقبال، چوہدری عمران گجر، سابق ممبر لالہ محمد شفیق امرہ، محمد اکرام ممبر، حاجی اظہر حسین، اسد چن، لیاقت علی چوہدری، چوہدری غلام رسول، ڈیشان شریف، محمد اکبر چانڈیو، محمد اکبر بدوآنہ، مصدر ولایت ناروے، بابر اعظم چوہدری، عرفان اعظم چوہدری، ملک قمر، چوہدری لیاقت گجر امرہ، چوہدری صفدر ولایت، چوہدری فخر گجر، چوہدری شانی گجر، چوہدری خان گجر، چوہدری غلام رسول، چوہدری عظمت بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 25

گونا سرکار حسن پٹھان۔ ملک ساجد آدم چوہان (امریکہ)۔ ملک مشتاق آدم چوہان۔ ملک افتخار محمود آدم چوہان۔ صحافی غضنفر احمد گل۔ صحافی عابد مرزا۔ مرزا ظفر چنیاولہ۔ چوہدری احمد سبحانی۔ ارشد کھٹانہ سمیت دیگر معززین شریک تھے

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 26

کے سلسلہ میں موجود تھا کہ امرہ کی طرف سے چادر اوڑھے امرہ کی طرف سے محمد ابراہیم ولد محمد سرور گوجر سکنہ محلہ فیض آباد منڈی بہاؤالدین آیا پولیس کو دیکھ کر بھاگنے لگا تو قابو کر کے تلاشی پر اس کے کندھے پر لٹکی رائفل کلاشنکوف برآمد ہوئی جس میں راؤنڈ موجود تھے۔ پوچھنے پر اس کا لائسنس پیش نہ کر سکا جس پر اس کے خلاف تھانہ ڈنگہ میں پرچہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 27

ہدایات پر پولیس موبائل خدمت دین نے ماہ مئی کا شیڈول جاری کر دیا دین آج سات مئی کو تا ٹھ، آٹھ کو منڈوالی غربی، نو کو ڈنگہ، دس کو کنجاہ، گیارہ کو احسان شریف، تیرہ کو کڑیانوالہ، چودہ کو دولت نگر، پندرہ کو مگھیانہ، سولہ کو ڈنگہ، سترہ کو چک پنڈی، اٹھارہ کو جلالپور صوبتیاں، بیس کو کڑیانوالہ، اکیس مئی کو تا ٹھ، بائیس کو کوٹلی کہالہ، تیئس کو ڈنگہ، چوبیس کو کنجاہ، پچیس کو لالہ موسیٰ، ستائیس کو کڑیانوالہ، اٹھائیس کو دولت نگر، انتیس کو منڈوالی غربی، تیس کو ڈنگہ، اکتیس کو فتح پور میں کیمپ لگائے گی۔ پولیس موبائل خدمت دین کے بارے میں مزید معلومات کے لیے 03016610695، 03037001210 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 28

کامیابی پر مٹھائی کی۔ ساتھ چوہدری نعیم بھی ہمراہ تھے ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف کھیانہ میں شریف مہر اور نزدیب مہر کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کی ایم پی اے چوہدری عبداللہ یوسف چوہدری امجد اور چوہدری اختر کے والد کی وفات پر اڈو گوالی میں فاتحہ خوانی کی۔ چوہدری نواز اور چوہدری نعیم بھی موجود تھے۔

بقیہ | روزنامہ ڈاک گجرات | نمبر 29

تصدیق کروانے آتے ہیں۔ اس کے باہر پارکنگ ایریا نہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی لمبی لمبی لائنیں لگ جاتی ہیں۔ معروف اور مصروف شارع ہونے کی بنا پر ٹریفک کا تسلسل متاثر ہونے لگ گیا ہے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر1

دوست دانیال ساکن بٹر قائر گلنے سے شدید زخمی دانیال کو تشویشناک حالت میں عزیز بھٹی ہسپتال گجرات میں ریفر کر دیا گیا، پولیس تھانہ سٹی گجرات نے مقدمہ درج کر لیا، پولیس تھانہ نگر عالی جائے وقوعہ پر پہنچ کر تفتیش کو تیز کر دیا، پولیس تھانہ نگر عالی خودکشی کا رنگ دینے میں مصروف ہے، بٹر میں قتل کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر2

اظہار خیال کیا، امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے ملکی سیاسی صورتحال، وطن عزیز کو درپیش مسائل بارے بھی مفصل انداز میں اظہار خیال کیا، ڈاکٹر طارق سلیم کا کہنا تھا کہ دیار غیر میں مقیم پاکستانی سخت محنت و لگن سے اپنے خاندانوں کی کفالت کرنے کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کرنے پر تلے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ قبلہ اول کی آزادی اور فلسطینیوں، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں کردار پوری امت کا دینی، ملی اور انسانی فریضہ ہے۔ پاکستان کی حکمران جماعتیں مسئلہ فلسطین، مسئلہ کشمیر اور اسلامیان پاکستان کے حقیقی مسائل کے حل کی بجائے مصنوعی، سطحی سیاسی جھگڑوں اور تنازع اقدامات کے ایشو سے قوم کو الجھائے ہوئے ہیں۔ 25 کروڑ عوام کو زہریلی پولرائزیشن کا شکار کر کے اقتدار حاصل کرنے والی جماعتیں ہی ملک وملت کے لیے عذاب بن گئی ہیں۔ ملک وملت کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے قرآن وسنت کی بالادستی، آئین کے نفاذ اور قانون کی فرمانروائی، کرپشن کا خاتمہ، قومی وسائل کی منصفانہ تقسیم اور معیشت کو سود، قرضوں اور اغیار کے چنگل سے آزاد کرانے کے لیے خود انحصار، سود کے خاتمہ اور وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ پر اخلاص اور دیانت داری کیساتھ عمل میں ممکن ہے، ڈاکٹر طارق سلیم کا کہنا تھا کہ ہم پاکستان کے چند خاندانوں کو 25 کروڑ عوام کے مستقبل سے کھلواڑ نہیں کرنے دیں گے۔ حکمران، کسان سے طے کردہ ریٹ پر گندم خریدے اور عوام کو سستی روٹی دو۔ انہوں نے کہا کہ کسان کو حق دینا ہوگا، پنجاب حکومت کسانوں کے اہم ایشو کو سیاسی رنگ دیکر پردہ ڈالنا چاہتی ہے مگر جماعت اسلامی کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم کسانوں کے ساتھ ظلم کو برداشت نہیں کریں گے۔ حکمرانوں کی بے حسی کے باعث قرض حاصل کر کے گندم کاشت کرنے والے اپنی فصل اونے پونے فروخت کرنے پر مجبور ہیں، ڈاکٹر طارق سلیم نے اٹلی میں مقیم پاکستانیوں کو ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کیا محفل کے اختتام پر انہوں نے خصوصی دعا بھی کرائی۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر3

کرتے ہوئے خوش آمدید کہا اور گلدستہ پیش کیا، جاوید بٹ نے معزز مہمانوں کو کنڈی سنٹر کی وارڈ کا دورہ کراتے ہوئے ڈائلیسز مریضوں کو فراہم کی جانیوالی علاج معالجہ کی سہولیات بارے بھی مفصل انداز میں بریفنگ دی، حاجی محمد خالد، فاروق شاہد بٹ نے مریضوں سے علاج معالجہ کی سہولیات بارے استفسار کیا اور بہترین علاج معالجہ کی فراہمی پر جاوید بٹ اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا، اس موقع پر حاجی محمد خالد و دیگر معزز مہمانوں نے کنڈی سنٹر مریضوں کیلئے نقد عطیات بھی فراہم کیے، جاوید بٹ نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کنڈی سنٹر گجرات میں 50 ڈائلیسز مشینوں پر روزانہ تین شفٹوں میں 118 کے قریب مریضوں کے ڈائلیسز کیے جارہے ہیں جن میں 75 فیصد کے مفت ڈائلیسز ہوتے ہیں اور ماہانہ کروڑوں روپے اخراجات آرہے ہیں، انہوں نے کہا کہ گجرات کی مخیر خاتون محمودہ عاجز نے 4 4 مرلہ زمین کنڈی سنٹر کو عطیہ کی جس پر سابق ڈی سی چوہدری لیاقت علی چٹھہ، میاں محمد اعجاز اور میں نے بطور پارٹی رکن کام کا آغاز کیا ابتدائی طور پر دس ڈائلیسز مشینوں سے کام کا آغاز کیا مگر آج الحمد للہ پچاس ڈائلیسز مشینیں تنصیل ہیں جس کیلئے گجرات کے مخیر حضرات سمیت اوورسیز پاکستانیوں نے کثیر عطیات فراہم کیے، اس موقع پر حاجی محمد خالد، فاروق شاہد بٹ نے فلاح انسانیت کے اس عظیم منصوبے کی تعریف کرتے ہوئے کنڈی سنٹر بورڈ ممبران کی کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر4

سے تیار ہونے والے آئی سی یو کا افتتاح آج بروز منگل، مورخہ 7 مئی 2024ء کو ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کریں گے۔ عزیز بھٹی شہید ہسپتال ٹراما سنٹر میں آئی سی یو وارڈ میں اب 8 کی بجائے 12 بیڈ لگائے گئے ہیں اور اس کی تزئین و آرائش، آلات اور تعمیر پر ایک کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے جو کہ امتیاز کوثر و برادران کے عطیہ کئے ہیں۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر5

سوٹوں سے حملہ کر کے شدید زخمی کر دیا، مضروب دودھ دھو کر گھر جا رہا تھا کہ ملزمان نے اس کو راستے میں نشانہ بنایا، وجہ عناد معمولی جھگڑا بتائی گئی ہے، پولیس تھانہ ٹانڈہ نے مضروب کے کزن عامر قیوم کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر6

عوام دوستی کا ثبوت ہے عوام کیلئے بہترین سہولیات اور خوشحالی کا دور شروع ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کے ویژن کے مطابق گجرات مثالی ضلع ثابت ہوگا اور عوام کو جلد دلہڑ پر سہولیات میسر آئیں گی گجرات میں ترقیاتی کاموں کا آغاز ہو گیا ہے ہر یونین کونسل میں مساوی ترقیاتی کام ہوں گے لوگوں کے دلہڑ پر مسائل حل ہوں گے اور ترقی کا دور دورہ ہوگا، انہوں نے کہا کہ چوہدری وجاہت حسین، چوہدری سالک حسین، چوہدری شوکت صابو وال، چوہدری شاہد حسین سنٹر، چوہدری شوکت صابو وال، چوہدری شبیر حسین محمد چک، ڈاکٹر راجہ مبشر بنارس، چوہدری رفیق احمد نونوالی، راجہ عاشق حسین، سید خالد شاہ چنڈال، چوہدری مشتاق احمد کھاریاں، عقیل قادر، حاجی ذوالفقار علی، صدر النور اسلامک سینٹر، اسماعیل سرور بخیاں، چوہدری وسیم شہزاد، چوہدری طاہر اکرم شکریاں، شہباز داد پوبلہ، چوہدری ہاشم علی، چوہدری اظہر اقبال، چوہدری صفیر بشیر، چوہدری نصیر بشیر، چوہدری گل فراز انگلینڈ، چوہدری مشتاق احمد کھاریاں، راجہ آصف ریاض، چوہدری مدثر علی، چوہدری تنویر مگیان، چوہدری غضنفر سکریالی، حاجی افضال سمیت دیگر نے شرکت کی۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر7

کے ہمراہ استقبال کیا، مختلف امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا واضح رہے علامہ جہانزیب ہزاروی، شہریار عباسی، چوہدری افتخار احمد، چوہدری مظہر گجر، سید رضا شاہ، توقیر حسین مہروی شامل تھے

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر8

سابق پروفیسر فارسی پنجابی اردو زبان کے بہترین شاعر عظیم اور مقبول استاد سیف الرحمٰن سیفی صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی بے حد نفیس شخصیت کے مالک تھے۔ زمیندار کالج کا مقبول ترانہ زمیندار کالج کے ہم نوجوان وطن اے وطن ہم تیرے پاسباں کے خالق تھے ان کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعا مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ غم کے ان لمحات میں ہم مرحوم کے خاندان کے ساتھ برابر دکھ کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر9

نامعلوم چور کو جرانوالہ کے رہائشی شان حیدر کی 16 لاکھ مالیت کی کروڑ پکار چوری کر کے لے گئے پولیس تھانہ مکنڈوال نے مقدمہ درج کر لیا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر10

ماجدہ ملک دانش ڈورا آف ملک پور کلاں کی دادی جان کی وفات پر تحصیلدار (ر) چوہدری مظہر اقبال نے اظہار افسوس کیا اور مرحومہ کی بلند درجات کے لیے دعا کی اللہ تعالیٰ منشاء ڈورا کی والدہ کے درجات بلند فرمائے اور مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور تمام پسمان دکان کو صبر جمیل عطا فرمائے تحصیلدار مظہر اقبال نے کہا کہ ملک منشاء ڈورا کہ اس غم میں برابر کے شریک ہیں

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر11

ق کنجاہ تھے۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری سالک حسین کے پرسنل سیکرٹری حافظ عقیل جلیل نے رانا اور نگزیب کے ہمراہ کنجاہ میں موجود ہونے والے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ جن میں گورنمنٹ پبلک ہائیر سیکنڈری سکول روڈ، غازی چوک روڈ اور نوجوانوں کے لیے پلے گراؤنڈ میں بھی جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا اور ٹھیکیداران کو ہدایات کی کہ کام معیاری اور پائیدار کیا جائے اور کوالٹی کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ غیر معیاری کام کرنے کی قطعاً اجازت نہ ہو گی۔ اس موقع پر معروف ٹرانسپورٹر خالد محمود، سارب وڑائچ بھی تھے اور انہوں نے رانا اورنگزیب کو کہا کہ کنجاہ میں ہونے والے تمام ترقیاتی کاموں گراؤنڈ پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کام معیاری اور پختہ ہو سکے۔ رانا اورنگزیب نے ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا الحمدللہ ہمارے قائدین چوہدری سالک حسین اور چوہدری مونس الٰہی نے عوام سے جو وعدے کیے تھے الحمدللہ وہ پورے کیے جارہے ہیں۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر12

ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کرنے والوں کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا، ضلع بھر سے مسلم لیگی رہنماؤں، عمائدین علاقہ، عزیز و اقارب کی کثیر تعداد نے ڈیرہ ملک منشاء ڈورا پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ مغفور کے بلندی درجات کے لئے دعائے مغفرت کی، دعائے مغفرت کرنے والوں میں سابق چیئرمین چوہدری کاشف محمود فتح پور، سابق چیئرمین چوہدری ارشد شہباز پور، چوہدری احسان رپووال، ملک امتیاز اعوان شریف، ڈاکٹر آصف فتح پور، ملک صفدر، ملک بلال، ملک افضل، ملک پہلوان سمیت معززین شہر کی کثیر تعداد موجود تھی۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر13

مسلح اسلام پیر طیب الرحمن پاکستان فلاحی پارٹی کے سربراہ قاضی حقیق الرحمن نے خانقاہ مراڑیاں شریف جا کر سجادہ نشین مفتی پیر محمد عثمان فضل قادری سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے بلندی درجات کیلئے دعائے مغفرت کی بعد ازاں انہوں نے پیشوائے اہلسنت کے مزار پر جا کر فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر پیر طیب الرحمٰن، قاضی حقیق الرحمٰن نے پیشوائے اہلسنت پیر محمد افضل قادری کی دین اسلام کی سربلندی کیلئے دی گئی گرانقدر خدمات خصوصاً تحفظ ناموس رسالت کیلئے کلیدی کردار ادا کرنے پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر14

میں حاجی چوہدری نصیر مکیانہ کے والد محترم، چوہدری عمیر اصغر مہر مکیانہ کے دادا جان کی وفات پر ان کے ڈیرہ گاؤں مکیانہ پر جا کر اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کے بلندی درجات کے لئے دعائے مغفرت کی، نوابزادہ حیدر مہدی کافی دیر تک ڈیرہ حاجی چوہدری اصغر مہر مکیانہ پر موجود رہے اور ان کے صاحبزادگان کے ساتھ یادیں تازہ کرتے رہے، نوابزادہ حیدر مہدی نے کہا کہ حاجی اصغر علی مہر مکیانہ دھڑے کے پکے اور صاف گو شخصیت کے مالک تھے وہ جس پارٹی میں بھی رہے پوری ایمانداری اور جرات سے ساتھ نبھایا ہمارے خاندان کے ساتھ حاجی اصغر مہر مکیانہ خاندان کے دیرینہ تعلقات ہیں جو الحمدللہ نہ تو کوئی سیاسی تھے نہ ووٹر سپورٹر کے ان کے ساتھ ہمارے خاندان کے تعلقات ہمیشہ سے ایک خاندان ایک فیملی والے رہے ہیں جو الحمدللہ سیاست سے ہٹ کر آکسیجن بھی قائم رہیں گے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر15

فرحہ عباس ٹوانہ کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت کیلئے یورپ، برطانیہ اور پاکستان سے آئے ہوئے مہمانوں کے اعزاز میں کیانش اور بیجل ریسٹورنٹ میں پرتکلف عشائیہ دیا اور مہمانوں کا استقبال پھولوں کے گلدستے پیش کر کے کیا۔ اس موقع پر سید نعمت علی شاہ، علامہ سید محمد اشرف، شیخ طارق محمود اسلو بیل سنٹر، چوہدری شوکت صابو وال، چوہدری شاہد حسین محمد چک، ڈاکٹر راجہ مبشر بنارس، چوہدری رفیق احمد نونوالی، راجہ عاشق حسین، سید خالد شاہ چنڈال، چوہدری مشتاق احمد کھاریاں، عقیل قادر، حاجی ذوالفقار علی، صدر النور اسلامک سینٹر، اسماعیل سرور بخیاں، چوہدری وسیم شہزاد، چوہدری طاہر اکرم شکریاں، شہباز داد پوبلہ، چوہدری ہاشم علی، چوہدری اظہر اقبال، چوہدری صفیر بشیر، چوہدری نصیر بشیر، چوہدری گل فراز انگلینڈ، چوہدری مشتاق احمد کھاریاں، راجہ آصف ریاض، چوہدری مدثر علی، چوہدری تنویر مگیان، چوہدری غضنفر سکریالی، حاجی افضال سمیت دیگر نے شرکت کی۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر16

خیال۔ ڈائریکٹر جنرل خالد رسول کا ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی۔ اس کے علاوہ غیر ملکی دوروں میں چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کاروباری افراد کے لئے سہولت ڈیسک قائم کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان خالد رسول نے کہا کہ انشاء اللہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری حضرت کو ریلیف پہنچانے کے لیے تمام تر وسائل بروے کار لائیں گے چوہدری محمد فراز نے ضمانتدہ ڈاک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گجرات سمال ٹریڈ اینڈ سمال انڈسٹری تاجروں اور چھوٹے صنعتکاروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر سرگرم عمل ہے انشاء اللہ کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں انشاء اللہ عوامی فلاح و بہبود اور ملکی معیشت کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر17

پر گلدستہ پیش کر کے مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر ندیم طاہر رندھاوا، مرزا عمران و دیگر بھی موجود تھے، جاوید بٹ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے گھر کی زیارت بڑی خوش نصیبی کی بات ہے اس موقع پر چوہدری عبدالکریم مرل نے جاوید بٹ کی و دیگر احباب کی تواضع آب زم زم، کھجوروں سے کروائی اور انکے اعزاز میں استقبالیہ بھی دیا، چوہدری عبدالکریم مرل نے جاوید بٹ کی کنڈی سنٹر گجرات، انجمن بہبودی مریضاں عزیز بھٹی ہسپتال اور گجرات کیٹررایڈ آرتھوپیڈک ہسپتال کیلئے خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر18

راجہ ملک منشاء ڈورا کی والدہ محترمہ اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ضلع گجرات کی دادی جان کی وفات پر ان کے ڈیرہ واقع گاؤں ملک پور جا کر اظہار تعزیت کی اور مرحومہ مغفورہ کے بلندی درجات کے لئے دعائے مغفرت کی، انہوں نے کہا کہ ہم غم کے ان لمحات میں ملک منشاء ڈورا اور ان کے خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر19

پنجاب کی اہلیہ محترمہ قیصرہ الٰہی ایک باہمت اور جرات مند خاتون ہیں جنہوں نے پی پی سیرا الٰہی کے ساتھ مل کر حلقہ پی پی 32 کے ضمنی انتخابات میں چوہدری پرویز الٰہی کا ساتھ دینے والے ورکر اور جن یونگ ایجنٹس کو پولیس نے اٹھایا تھا۔ ان کے گھر گھر جا کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ ان کی ہمت بندھائی اور انہیں کہا کہ آپ تنہا نہیں۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ انشاء اللہ جن لوگوں نے آپ کو کوئے گناہ پکڑ کر اپنی حراست میں رکھا تھا، وقت آنے پر ان کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائیگی اور قیصرہ الٰہی اور سیرا الٰہی کا گاؤں گاؤں عوام نے تاریخی استقبال کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ چوہدری پرویز الٰہی، الیکشن ہارے نہیں بلکہ وہ الیکشن جیتے ہیں۔ ان کی آمد سے چوہدری ساجد دلشاد ساہنہ سینئر مشیر وزیراعلیٰ پنجاب کے ڈیرہ پر جشن کا سماں تھا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر20

سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شرکت کریں گے، اس تقریب کا مقصد عوام میں تھیلے سیمیا جیسی موروثی بیماری کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر21

موجود گی میں قبرستان خواجگان میں سپر وخاک' نماز جنازہ میں ممتاز شخصیات کی بھرپور شرکت' ختم قل آج 7 مئی بروز منگل جامع مسجد میاں جلال الدین رہائش گاہ کے ساتھ محلہ خواجگان نزد میاں اکبر کی پرانی کوٹھی میں دن 10 بجے شروع ہوگا اور اجتماعی دعا ٹھیک دن 11 بجے ہوگی دوست احباب سے شرکت کی استدعا ہے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر22

کمشنر ایف بی آر گجرات ڈاکٹر محمد سعد مارتھ خیال۔ ڈائریکٹر جنرل خالد رسول کا ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی۔ اس کے علاوہ غیر ملکی دوروں میں چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کاروباری افراد کے لئے سہولت ڈیسک قائم کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان خالد رسول نے کہا کہ انشاء اللہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری حضرت کو ریلیف پہنچانے کے لیے تمام تر وسائل بروے کار لائیں گے چوہدری محمد فراز نے ضمانتدہ ڈاک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گجرات سمال ٹریڈ اینڈ سمال انڈسٹری تاجروں اور چھوٹے صنعتکاروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر سرگرم عمل ہے انشاء اللہ کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں انشاء اللہ عوامی فلاح و بہبود اور ملکی معیشت کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر23

کے سینئر کلرک منور حسین میر آف گھوراہی کو تحصیل آفس گجرات میں رجسٹریشن کلرک (رجسٹری محرر) تعینات کر دیا ہے وہ اس سے قبل بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں انکا شمار محکمہ کے محنتی اور قابل اہلکاروں میں ہوتا ہے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر24

مریضاں عزیز بھٹی شہید ہسپتال کی مجلس عاملہ کا اجلاس آج صدر میاں محمد اعجاز کی صدارت میں ہوگا۔ جس میں رمضان میں ہونے والی فٹ ریزنگ، ماہانہ رپورٹ اور دیگر امور زیر بحث آئیں گے۔ جنرل سیکرٹری انجمن بہبودی مریضاں عزیز بھٹی شہید ہسپتال جاوید بٹ ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کریں گے۔ جبکہ پرچیز کمیٹی اور دیگر فنڈز کولیکشن کمیٹی کی رپورٹ آمدن و اخراجات کی رپورٹ بھی پیش کی جائے گی۔ اجلاس 11 بجے کنڈی سنٹر گجرات کے کانفرنس روم میں ہوگا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر25

راجہ ملک منشاء ڈورا کی والدہ محترمہ اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ضلع گجرات کی دادی جان کی وفات پر ان کے ڈیرہ واقع گاؤں ملک پور جا کر اظہار تعزیت کی اور مرحومہ مغفورہ کے بلندی درجات کے لئے دعائے مغفرت کی، انہوں نے کہا کہ ہم غم کے ان لمحات میں ملک منشاء ڈورا اور ان کے خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر26

گوندل بھاری نفری کے ہمراہ جائے وقوع پر پہنچ مے نشہ کو قبضے میں لیکر فرنٹیئر کور ٹیم کی کاروائی کے بعد پوسٹ مارٹم کے لیے THQ ہسپتال کھاریاں ریفر کر دیا، پولیس تھانہ گکڑاں نے غلام عباس کی مدعیت میں عدنان اشرف مسلح کلہاڑی، ذیشان اشرف مسلح ڈنڈا پسران محمد اشرف شہزاد اصغر مسلح ایبٹ، محمد اشرف مسلح کلہاڑی پسران علی اصغر ساکن جگواں اقوام اعوان اور دو کس نامعلوم مسلح ڈنڈا کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر27

خدمات قابل تعریف' وہ عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنائے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ الیکشنوں میں ظلم و جبر کیخلاف ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ثابت قدم رہیں وہ لائق تحسین و مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی جعل سازی کو بے نقاب کیا اور عوام میں بے پناہ مقبولیت حاصل کی انہوں نے ریکارڈ ووٹوں سے برتری حاصل کی حکومتی دھاندلی اور اداروں نے مل کر بھاری اکثریت سے ہارے امیدواروں کو کامیابی میں بدل دیا لیکن قیصرہ الٰہی اور ثمیرہ الٰہی کے حوصلے اب بھی بلند ہیں۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر28

ایک شخص منیر ریاض لاپتہ ہو گیا پولیس تھانہ صدر لالہ موسیٰ نے اس کے بھائی سلیم رضا کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ اغوا درج کر لیا۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر29

چوہدری عرفان الحق نے علامہ ڈاکٹر محمد اکرم کریمی کے صاحبزادے اویس کریمی کی باعزت رہائی پر مبارکباد دیتے ہوئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ نے مشکل کی اس گھڑی میں جس قدر صبر، تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ پروردگار آپ کی زندگی میں آپ کو کسی آزمائش میں نہ ڈالے اور آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ انہوں نے کہا کہ اویس کریمی نے بھی آزمائش کی اس گھڑی میں ہمت اور حوصلے کو بلند رکھا اللہ تعالیٰ اسے مذید کامیابیاں عطا فرمائے آمین۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر30

پیچے سے شام 4 بجے یونیورسٹی آف چناب گجرات کے آڈیٹوریم میں تھیلے سیمیا کے عالمی دن کے موقع پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جس کے مہمان خصوصی ڈاکٹر عبدالرحمان چٹھہ کنسلٹنٹ ENT کے سرجن سرور ہسپتال لاہور ڈاکٹر اعجاز بشیر عائشہ بشیر ٹرسٹ ہسپتال کے چیئرمین ہوں گے۔ اس تقریب کا مقصد خون کے موذی مرض میں مبتلا تمام مریضوں سے اظہار یکجہتی ہے۔ اس تقریب میں مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلباء، طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر31

جنکیا فی جگہ چکوال سے اے سی ہیڈ کوارٹرز زبیر افضل کو گجرات میں اسسٹنٹ کمشنر تعینات کیا گیا ہے جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے حیدر عباس راجہ نے دفتری سٹاف سے الوداعی ملاقاتیں کیں اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گجرات میں وہ گلدستہ پیش کر کے نگران سیٹ اپ میں تعینات ہوئے اور تقریباً ایک سال تک کام کیا قبل ازیں اٹک، راولپنڈی، خوشاب، سیالکوٹ میں کام کیا مگر گجرات کی تعیناتی کا ٹائم یادگار رہے گا یہاں کی بار، پریس، تاجر اور تمام شعبہ ہائے زندگی کے لوگ انتہائی پروفیشنل اور وضع دار ہیں جب ان کو کوئی بات دلیل کیساتھ بتائی جاتی تھی وہ سب انتظامیہ کیساتھ تعاون کرتے تھے حیدر عباس راجہ نے گجرات میں انتظامی رٹ کو مؤثر بنایا اور بہترین عوامی روابط استوار کیے۔

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر32

گجرات کے صدر چوہدری علی ابرار جوڑا نے گزشتہ روز ممتاز دانشور، ہنکر اور ادیب و مقبول جان سے پریس مارکی گجرات میں خصوصی ملاقات کی اس موقع پر احمد حسن مٹو، زاہد بھٹی، عمر بٹ و دیگر بھی موجود تھے۔ خوشگوار ماحول میں ہونیوالی ملاقات میں چوہدری علی ابرار جوڑا نے ادیب و مقبول جان کی جاندار صحافت اور تجزیوں پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا

روزنامہ ڈاک گجرات نمبر33

